O Messenger of God! Verily I have done a great crime; is there any act by which I may repent?' He said, 'Have you a mother?' 'No,' said the questioner. 'Have you an aunt? asked Muhammad. He said, 'Yes, I have.' the Prophet said, 'Go, do good to her, and your crime will be pardoned.'

●

Prophet Muhammad said, "When a man committeth adultery, Iman (Faith) leaveth him; but when he leveth such bad ways, Iman will return to him."

●

I asked Prophet Muhammad of the most excellent Iman, and he said, "To love him who loveth God and hate him who hateth God, and to keep your tongue employed in repeating the name of God." What else? He said, "To do unto all men as you would wish to have done unto you, and to reject for others what you would reject for yourself."

●

A man asked the Prophet what was the mark whereby a man might know the reality of his faith. He said, "If thou derive pleasure from the good which thous hast performed, and be grieved for the evil which thous hast committed, thou art a true believer." The man said, "What doth a fault really consist in?" He said, "When anything pricketh thy conscience, forsake it."

US MOVE TO BLOCK SUPPLY TO PAKISTAN

The US Ambassador in India, Mr. Robert Goheen, has said that the United States will urge its European allies states that Japan not to supply any kind of Nuclear material to Pakistan, All India Radio reported.

He was speaking to newsmen in Baravati in Poona recently. □

Shah to live in Tel Aviv

The Shah of Iran has accepted an invitation from an Israeli millionnaire Flatto-Sharon and will come to stay in his maximum security villa in a Tel Aviv suburb in a few weeks, aides to the Israeli millionnaire sa.l last week.

They said security arrangements at Flatto-Sharon's villa in the suburbs of Savion were being augmented at the request of the Shah.

Flatto-Sharon, who is a member of the Israeli Parliament, dispatched a five man all-American team of top-notch security experts to Mexeco to discuss the security arrangements, the informations arrangement, the informants said.

عید کارڈز

MECCA/MEDINA EID GREETING & POST CARDS

Assted [3 ea], $3.50/Doz. PPD Anywhere

Cashier's Cheque or Money Order Only

KAZI PUBLICATIONS
1529 N. Wells, Chicago, Ill. 60610

TEL. 923-2777

Lunch Special at

KOH-I-NOOR

CURRY CENTRE

PAKISTANI & INDIAN FOODS

KHALID BUKHARI

99 DAVENPORT ROAD
AT BAY
TORONTO, ONT.

MATRIMONIAL

Correspondence invited by a respectable 'Pakistani family from respectable family for a young professional man, Canadian, 25, B. Comm., C.G.A. Well settled in Montreal. Please write full details with recent photographs.

235 Place Benoit, No. 8
Ville St. Laurent, Que.
H4N 2H4

BUYING OR SELLING OF REAL ESTATE

Entrust your requirement to person

- Who can help you with best possible advice with RELIABILITY and EFFICIENCY.
- Who takes PERSONAL interest in your requirements.
- Who can help you locate suitable EARLY buyers for YOUR house/store at fair prices.
- Who can help you locate a good house of YOUR choice at competitive price in desired location and surrounding, with modest Down Payment and LOW carrying charges.

For service with a difference, please contact with confidence

A.R.G. KHAN
Aroma Realty Ltd.
Real Estate and Business Brokers

1165A Bloor St. West
Toronto, Ont. M6H 1M9
Office: 532-4421
Phones Res: 745-4864

مکان و کاروبار کی خرید و فروخت

کے خواہشمند حضرات

ہمارے بہت سے کرم فرما جو پاکستان، ہندوستان، ایسٹ افریقہ
ساؤتھ افریقہ، بنگلادیش وغیرہ مقامات سے تعلق رکھتے ہیں اور
اس ملک میں مستقل رہائش پذیر ہیں وہ اپنے ہم خیال، ہم زبان، تہذیبی
ثقافتی مزاج اور ماحول میں رہنے اور اپنا کاروبار کرنے میں زیادہ دلچسپی
محسوس کرتے ہیں۔
لہٰذا! آپکے مکان، تجارت، زمین یا اسٹور وغیرہ کی خرید و فروخت کے امکانات
اور کوئی بھی ہو سکتے ہیں۔ بنا بریں آپکی مذکورہ بالا ضروریات کیلئے ہمیں بہتر خدمت
کا موقعہ عنایت کریں

ગુજરાતી ભાષા જાણનાર તરીકે અને ગુજરાતી, કચ્છી
અને ઈસ્નાઅશરી વેપારી ભાઈઓની જરૂરીયાતનો પૂરેપૂરો
અંદાજ હોવાથી કુદરતી રીતે | અમે આપની સેવા વધુ
સંતોષકારક રીતે કરી શકીશું.
અમારો ધ્યેય : "આપનો સંતોષ એજ અમારી કમાણી."

پاکستان کیلئے مہاجرین کی قربانیوں کو ترازو میں نہیں تولا جا سکتا: جنرل موسیٰ

نئی نسل کو جدوجہد سے آگاہ کرنا ہوگا۔ فوج کے کردار کے بغیر تحریک پاکستان مکمل نہیں ہو سکتی

کراچی ـــــ (اپ پ) پاکستان کی بری فوج کے سابق کمانڈر انچیف ریٹائرڈ جنرل محمد موسیٰ نے آج بیان کیا کہ تقسیم ہند کے وقت ... [illegible]

رکشہ، ٹیکسی، منی بس اور پرائیویٹ بسوں کی ہڑتال نے شہریوں کو اذیت میں مبتلا کر دیا۔

رکشہ ٹیکسی والے بھی استحصالی طبقہ بن گئے ہیں۔

مکتوب کراچی

وفاقی بجٹ میں ٹیکسوں کی سب سے زیادہ اور زیرِ ... [illegible]

[illegible]

بجٹ پر تنقید کرنے والے آئندہ انتخابات میں شکست سے خوف زدہ ہیں: صدر مملکت

لاہور ـــــ ... [illegible]

کراچی میں رکشہ والوں کی ہڑتال

بیرون ملک سے بھیجے گئے پاکستانیوں کے سامان پر کسٹم کی رعایت ختم کر دی گئی

لاہور کی خشک گودی میں پہنچنے والے لاکھوں روپے کے سامان کو کوئی اٹھانے کے لیے تیار نہیں

ملتان ـــــ (نمائندہ خصوصی) نئے مرکزی بجٹ سے جہاں عوام پریشان ہیں ... [illegible]

... اب ان کے رشتہ داروں کو سامان کسٹم سے کلیئر کرانے میں دقت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

نیا بجٹ قومی اتحاد کے وزراء کے مشورے سے تیار کیا گیا ہے

جمہوری حکومت کے قیام کے لیے تمام اختلافات ختم کیے جائیں: اصغر خان

انتخابات کے التوا کے نتائج ملک و قوم کے لیے خطرناک ثابت ہوں گے

[illegible]

پاکستان کی آبادی پونے آٹھ کروڑ سے تجاوز کر گئی

کراچی ـــــ (اپ پ) سرکاری ذرائع کے مطابق پاکستان کی ... [illegible]

[illegible]

پاکستان میں زرعی زمین برائے فروخت

تحصیل ... ضلع مظفر گڑھ ملتان ڈویژن میں ۷۵ ایکڑ زیر آباد زرعی اراضی برائے فروخت موجود ہے۔ قیمت ۲½ ہزار روپیہ فی ایکڑ۔ یہ زمین کو آپریٹو بنیاد پر آباد کی جا سکتی ہے جس پر اندازاً ... روپیہ فی ایکڑ خرچ اٹھتا ہے۔ بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر زرعی زمین ایک اچھی سرمایہ کاری ہے۔ لیہ میں آباد زمین کی اوسط قیمت چھ ہزار روپیہ فی ایکڑ ہے۔ اشتہار دہندہ کی وہاں اور بھی زمین موجود ہے اور وہ کو آپریٹو بنیاد پر زمین آباد کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ کم از کم خریداری دس ایکڑ۔ قیمتیں وہاں تیزی سے بڑھ رہی ہیں۔ مندرجہ بالا قیمت کی میعاد تین ماہ ہے۔ پتہ ذیل پر مراسلت کیجیے:

M. A. M. C/O CRESCENT

آپ کے خطوط

محترم مدیر "کریسنٹ انٹرنیشنل"

۱۵ر جولائی کے "کریسنٹ" میں "آپ کے خطوط" میں جناب ایوب حامد (ونی پیگ) کا خط نظر سے گزرا۔ میں ایوب صاحب کا تہِ دل سے مشکور ہوں کہ انھوں نے "چٹکیاں" پر تبصرہ کیا۔ میں قارئین کا انتہائی شکر گزار ہوں گا اگر وہ گاہے بگاہے میری تحریر پر اسی طرح تبصرہ کرکے میرے قلم کی خامیوں کو دور کرنے میں میری مدد کریں گے۔

ایوب حامد صاحب نے بالکل درست فرمایا کہ عورت خلع کے تحت شوہر سے طلاق طلب کرسکتی ہے۔ اس کے علاوہ عورت کو خدا نے میں کیس داخل کرکے طلاق یا علیحدگی حاصل کرنے کا حق ہے۔ ثابت بن قیس کی دو بیویوں نے طلاق طلب کی۔ جمیلہ بنت ابی سلول نے صرف اتنی سی بات پر طلاق مانگی کہ اس کو اپنے شوہر کی شکل پسند نہیں۔ یہ میں سمجھ نہ سکا کہ اگر اس کو اپنے شوہر کی شکل پسند نہیں تھی تو شادی کیوں کی تھی؟ آنحضرتؐ نے جمیلہ کی شکایت سننے کے بعد پوچھا "جو باغیچہ اس نے تم کو دیا اسے واپس کردوگی؟" جواب ملا "جی ہاں بلکہ کچھ اور بھی دینے پر تیار ہوں"۔ اس پر آنحضرتؐ نے کہا کہ مزید کچھ دینے کی ضرورت نہیں۔ اور آپ نے ثابت کو باغیچہ لے کر طلاق کی منظوری کا حکم دیا۔

ایوب حامد صاحب نے اعتراض کیا ہے میری تحریر پر کہ "اس بات کو خواہ قرآن کی آیت 'ایسی عورتوں سے شادی کرو جو تمہیں پسند ہوں' سے کھینچ تان کر نکالنا درست نہیں۔ یہ تعلیم حضور اکرمؐ نے اپنے الفاظ میں واضح کی ہے اور کتب حدیث میں ملتی ہے۔ قرآن کی کسی آیت سے اس کا استخراج زبردستی کرنا درست نہیں ہے۔"

سب سے پہلے تو یہ دیکھا جائے کہ یہ جملہ قرآن پاک میں ملتا ہے تو اس کا استخراج "زبردستی" کیسے ہوا؟

اب ذرا حدیث پر غور کیجئے۔ ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک آدمی حضورؐ کے پاس آیا اور بولا "انصار کی ایک عورت سے شادی کا خواہش مند ہوں"۔ آپ نے فرمایا "اسے دیکھ لو کیونکہ انصار کی آنکھوں میں کچھ (عیب) ہے۔ (مسلم)

جابرؓ سے روایت ہے کہ خدا کے رسولؐ نے فرمایا "جب تم میں سے کوئی کسی عورت سے شادی کا خواہش مند ہو اور اگر وہ اسے دیکھ سکے تو اسے ایسا کر لینے دو"۔ (ابو داؤد)

حضرت مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے کہ "میں ایک عورت سے شادی کرنا چاہتا تھا۔ حضورؐ نے مجھ سے فرمایا "تم نے اسے دیکھ لیا ہے؟" میں نے کہا "نہیں" آپ نے فرمایا "تب تو اسے دیکھ لو کیونکہ یہ زیادہ مناسب ہوگا کہ تم دونوں کے درمیان محبت کا رشتہ مضبوطی سے جڑ جائے"۔

عورت کو دیکھ لینے کے اصول کو اماموں نے بھی تسلیم کیا ہے۔ امام حنیفہ کے مطابق لڑکے اور لڑکی کا ایک دوسرے کو شادی سے پہلے دیکھ لینا شرعی طور پر جائز ہے۔ امام مالک کی نظر میں لڑکی والوں کی اجازت سے دیکھنا شرعی ہے۔ امام شافعیؒ اور امام احمد کی نظر میں لڑکی والوں کی اجازت یا بغیر اجازت لڑکی کا دیکھ لینا جائز ہے۔

فقہ کی گہری معلومات رکھنے والے قارئین سے التماس ہے کہ اس مسئلہ پر مزید روشنی ڈالیں۔

خاکسار

اقبال یونس خان (ٹورنٹو)

مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

ایک ۲۳ سالہ بی۔ اے، بی۔ ٹی مسلمان ہندوستانی لڑکی کے لیے مناسب رشتہ درکار ہے۔ خواہشمند پتۂ ذیل پر اپنی تفصیلات ٹیلی فون نمبر کے ساتھ روانہ فرمائیں:

Z. E. H.
C/o CRESCENT

•

۲۷ سالہ کینیڈین سٹیزن دوشیزہ کے لیے پاکستانی کینیڈین یا امریکن امیگرنٹ لڑکے کا رشتہ درکار ہے۔ خط و کتابت اس پتہ پر کیجئے:

SIDDIQI
C/o CRESCENT

•

ایک کینیڈین تعلیم یافتہ پاکستانی پروفیشنل اکاؤنٹنٹ عمر ۲۵ سال کے لیے مسلمان لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ جلد کوائف اور تصویر کے ساتھ پتۂ ذیل پر خط لکھئے:

235 PLACE BENOIT
APT. # 8
VILLE ST. LAURENT
QUEBEC H4N 2H4

•

۲۸ سالہ مسلمان لڑکے کیلیے نیک سیرت کینیڈین امیگرنٹ لڑکی کا فوری رشتہ درکار ہے۔ لڑکا ٹورانٹو میں کارشیڈ ملازمت رکھتا ہے۔ تفصیلات کے لیے خط لکھیے یا فون کیجئے:

HUSAIN
121 BOWMORE RD.
TORONTO, ONT.
M4L 3J3
466-5660 (BUS)
466-9571 (RES)

•

۲۸ سالہ پاکستانی انجینئر مقیم برطانیہ کے لیے نیک سیرت مسلمان لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے خط لکھئے:

S. I.
C/o CRESCENT

•

ایک ۲۹ سالہ سُنّی پاکستانی ایسوسی ایٹڈ میکانیکل انجینئر جو فرانس سے ٹریننگ لے چکا ہے اور دکن سے تعلق رکھتا ہے۔ کے لیے کینیڈین امیگرنٹ دوشیزہ کا رشتہ درکار ہے۔ لڑکی کا مسلمان، نیک سیرت اور قبول صورت ہونا ضروری ہے۔ لڑکا ایک ماہ کی رخصت پر کینیڈا آیا ہوا ہے۔ خواہشمند خط لکھیں یا فون کریں:

SULTANA
C/o CRESCENT
(204) 452-7394

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر ہے جبکہ پیشگی ادائی ضروری ہے)

Starting July 1, there were some changes made to Unemployment Insurance.

اگر آپ نے پچھلے سال کے دوران بیس ہفتے سے کم کام کیا ہے تو آپ ان ترامیم سے متاثر ہونگے۔

دسمبر ۱۹۷۸ء میں پارلیمنٹ نے بیروزگاری کے بیمہ کے پروگرام میں چند ترامیم کی ہیں جن کا اجراء یکم جولائی سے ہوگا۔ ان ترمیمات کا مفہوم یہ ہے کہ کچھ ملازم لوگوں کو بیروزگاری کے بیمہ سے فائدہ اٹھانے کی خاطر زیادہ عرصہ تک کام کرنا پڑے گا۔

کیا آپ نے پچھلے سال کے دوران ۲۰ ہفتے یا اس سے زیادہ عرصہ تک کام کیا ہے؟

اگر آپ کا جواب "ہاں" میں ہے تو یہ پیغام آپ کے لیے نہیں ہے۔ بے روزگاری کے بیمہ سے باقاعدہ فوائد کے حصول کے لیے اور علالت اور زچگی کے دوران اور ۶۵ برس کی عمر پانے پر یکمشت مالی فائدہ پانے کے اہل ہونے کے لیے یہ ضروری ہے کہ آپ نے بیس ہفتے تک کام کیا ہو۔

کیا آپ پہلی مرتبہ کام شروع کر رہے ہیں یا اپنے کام پر واپس جا رہے ہیں؟

عام حالات میں اگر آپ کی ملازمت پہلی ملازمت ہے یا آپ ایک سال کی مدت سے زیادہ عرصے کی رخصت کے بعد کام پر لوٹ رہے ہیں تو اس صورت میں بیروزگاری کے بیمہ سے فائدہ اٹھانے کی خاطر آپ کو بیس ہفتے تک کام کرنا پڑے گا تاہم بیس ہفتے کے اس قانون کی چند مستثنیات بھی ہیں۔ جن کا انحصار اس بات پر ہے کہ ان بیس ہفتوں کے دوران میں آپ کے کام کی نوعیت کیا تھی۔

کیا آپ نے پچھلے سال کے دوران بیروزگاری کے بیمہ سے فائدہ اٹھایا ہے؟

اگر آپ کا جواب "ہاں" میں ہے تو نئے قوانین کا اطلاق آپ پر ہوگا۔ سوائے اس کے کہ جس علاقے میں آپ رہائش پذیر ہیں وہاں بیروزگاری ۱۱.۵ فیصد سے زیادہ ہو۔ بصورت آپ نے اس سے قبل خواہ کتنے ہی عرصے تک بے روزگاری کے بیمہ سے فائدہ کیوں نہ اٹھایا ہو، دوبارہ نئے سرے سے فائدہ حاصل کرنے کا اہل ہونے کے لیے آپ کو زیادہ سے زیادہ بیس ہفتے کام کرنے کی ضرورت ہوگی۔

Canada's Unemployment Insurance Program

Working with people who want to work.

Employment and Immigration Canada — Emploi et Immigration Canada

Honourable Ron Atkey, Minister — L'honorable Ron Atkey, Ministre

Canada

طنز و مزاح

چٹکیاں

اقبال یونس خان (ٹورانٹو)

بھائیو! بہنو! اور جوانو!
السلام علیکم —

میں سیاسی لیڈر نہیں ہوں، نہ شاعر ہوں اور نہ ہی مصنف، مقرری سے مجھے دور کا واسطہ نہیں۔ اس لیئے اگر قوم سے اس خطاب میں مجھ سے کہیں کچھ کمی بیشی ہوجائے تو مجھے معاف کریں۔ آپ سب کو معلوم ہے کہ میں ایک سولجر ہوں، سپاہی ہوں، پاکستانی ہوں اور مسلمان ہوں۔ سولجر کو نہ تو زمین سے دلچسپی ہوتی ہے اور نہ سرمایہ سے اور نہ ہی عورت سے۔ کسی وقت بھی موت سے مقابلہ پڑ سکتا ہے اور ایک سپاہی کو ہر وقت اس کے لیئے تیار رہنا چاہیئے۔ میں بھی اس کے لیے تیار ہوں اور اسی لیے نہ تو کرسی سے محبت ہے اور نہ ہی دولت سے۔

پاکستان کی مختصر تاریخ میں کئی ڈکٹیٹر آئے۔ ہر مرتبہ فوجیوں نے وعدہ کیا کہ جونہی ممکن ہوسکا وہ حکومت کا کنٹرول، حکومت کا چارج، سلطنت کا انتظام، قوم کے منتخب نمائندوں کو سونپ دیں گے اور بیرک واپس چلے جائیں گے۔ لیکن آپ سبھی کو معلوم ہے کہ ہر بار مختلف بہانوں سے وہ حکومت کی کرسی پر براجمان رہے۔ بیٹھے رہے اس پر۔ طاقت کے استعمال سے ان کو عشق ہوگیا، محبت ہوگئی، لو ہوگیا — ! پھر جب سیاسی لیڈر عوام کے ووٹ سے برسرِ اقتدار آئے تو وہ فوجی ڈکٹیٹروں سے بھی بدتر ثابت ہوئے۔ ہماری حالیہ تاریخ ذہنوں میں تازہ ہے اس لیے مجھے اس کے دہرانے کی ضرورت نہیں۔ اس منتخب لیڈر سے عوام کی جان چھڑانے کے لیے فوج کو ایک بار پھر میدان میں آنا پڑا، اور ایک بار پھر ملٹری نے، فوج نے وعدہ کیا کہ جیسے ہی حالات نے اجازت دی، الیکشن کروائے جائیں گے۔ اور عوام کے منتخب نمائندوں کو عنانِ حکومت واپس کردی جائے گی اور فوج بیرک واپس چلی جائے گی۔ ایک بار پھر عوام نے جب ان باتوں کو سنا تو آپ میں سے ہر ایک یہی سوچ رہا تھا کہ یہ کھیل پرانا ہوچکا ہے اور ایک بار پھر فوج ہم پر مسلط ہوچکی ہے۔ ایک بار پھر یہ جونک بدن میں لگ چکی ہے اور خون چوستی رہے گی۔ اور نہ جانے کب اور کیسے اس سے جان چھوٹے گی۔

پاکستانیو! آئیے اب میری اس فوجی حکومت کی گذشتہ ایک سال کی کارروائیوں پر سرسری نظر دوڑا لیجیئے۔

قیامِ پاکستان کے بعد سے ہر حکومت نے وعدہ کیا کہ اس ملک میں اسلامی قوانین رائج کیے جائیں گے۔ لیکن جو کچھ بھی کیا گیا وہ اس کے بالکل برعکس۔ قیامِ پاکستان کے بعد شروع کے دور میں برطانوی پارلیمنٹ کی نقل کی گئی۔ اس کے بعد فوج ہی کے ایک نمائندے نے امریکی سسٹم کی نقل کی۔ اس کے بعد ایک نام نہاد عوامی لیڈر نے سوشلزم کا نعرہ لگایا۔ لیکن اس نے فائدہ پہنچایا تو جاگیرداروں کو، بدمعاشوں کو، راشیوں کو اور طاقت کے سارے سرچشموں پر ایسا قبضہ کیا کہ ہٹلر بھی اپنی قبر میں کروٹیں بدلنے لگا۔

میری حکومت نے متحدہ محاذ کے تعاون سے اس ملک کے قوانین میں اس جذبے سے تبدیلی شروع کی کہ ان غیر ملکی قوانین کو شرعی رنگ دے دیا جائے۔ ایک غیر ملکی کوٹ کو جو مختلف رنگوں میں رنگا ہوا ہو، اسے بدل کر سبز اسلامی رنگ دینا جتنا مشکل ہوسکتا ہے اس کا اندازہ شاید آپ لگا سکے ہیں۔ غرضیکہ ہم نے بڑی محنت سے، بڑی سنجیدگی سے، بڑی محبت سے، بڑی اسپرٹ سے اسلامی رنگ دیا۔ لفظ سود کو بدل کر ہم نے "منافع" کا جامہ پہنا کر نظامِ مصطفیٰ رائج کردیا۔ ہم نے چند چور اچکوں کے کوڑے لگوا کر ساری دنیا میں اسلام کا نام اونچا کردیا۔ مجھے اور میرے ساتھی جنرلوں کو اچھی طرح خبر ہے کہ آپ میں سے کچھ لوگ یہ اعتراض کرتے ہیں کہ کوڑے بڑے بڑے راشی سرکاری افسران کے کیوں نہیں لگوائے گئے۔ بڑے بڑے سول افسران کی کوٹھیاں اور ان کے بینک بیلنس ضبط کیوں نہیں کیے گئے۔ ایسی باتیں چند ناسمجھ غفلت میں لغزشی "نکات" کہہ جاتے ہیں۔ ہمارے ملک میں لائق کوالیفائڈ سول افسران کی بڑی کمی ہے اور کسی بھی حکومت کو چلانے میں سول افسران کا بڑا ہاتھ ہوتا ہے۔

میں نے آپ سب سے وعدہ کیا تھا کہ جونہی حالات اجازت دیں گے میں اس ملک میں الیکشن کرواؤں گا۔ آپ نے دیکھ لیا ہے کہ الیکشن کی تاریخ کا اعلان ہوچکا ہے۔ کیا اس کے بعد بھی آپ کو میری بات پر بھروسہ نہیں؟ میں نے کہا تھا کہ فیصلہ جو سپریم عدالت دے گی اس پر عمل کیا جائے گا۔ اور اسی کے مطابق میں نے بھٹو کو لٹکوا دیا۔ کیا اس کے بعد بھی آپ کو میری بات پر یقین نہیں۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ میں نے بھٹو کو ذاتی دشمنی کی بنا پر لٹکوا دیا اور دوسرے ملزموں کے بارے میں رعایت رکھی۔ لیکن یہ اعتراض پھر ناسمجھی کی نشانی ہے۔ کیونکہ دوسرے ملزموں نے اپیل کی تھی جبکہ بھٹو نے کوئی اپیل نہیں کی۔ چنانچہ ان کی اپیل پر غور کرنے کے بعد ہی ان کی قسمت کا فیصلہ کیا گیا۔

ہاں تو بھائیو اور بہنو! اور ملک کے جوانو! میں اس قومی پیغام میں آپ کے سامنے ایک اہم اعلان کرنا چاہتا ہوں۔

الیکشن کی تاریخ کے اعلان کے بعد سے آپ نے دیکھ لیا ہے کہ سول لیڈر ایک بار پھر سے ایک دوسرے پر گندگی اچھالنے میں لگ گئے ہیں۔ الیکشن ہوئے بھی تو کوئی ایک لیڈر ملک کی کشتی کو پار لگانے والا نہ ملے گا۔ الیکشن سے ملک کے مسائل حل نہیں ہوتے۔ ابھی حال ہی میں لاکھوں پیسے خرچ کرکے اٹلی نے جنرل الیکشن کروایا۔ آج رزلٹ آنے کے کئی ہفتوں بعد بھی اٹلی میں کوئی حکومت قائم نہیں ہوسکی ہے اور ملک بغیر حکومت اور بغیر لیڈر کے اپاہجوں کی طرح چل رہا ہے۔

آپ کے ملک پاکستان میں اس وقت غیر ملکی درآمد کیے ہوئے "ازم" نہیں چل رہے ہیں۔ مگر اب آپ کے ملک پر اسلام نافذ کیا جاچکا ہے۔ باجماعت نماز کے لیے ایک امام کی ضرورت ہوتی ہے۔ بالکل اسی طرح ملک کا نظام چلانے کے لیے امیر کی۔ اسلامی جذبے سے چور ہونے کی وجہ سے میں اب یہ اہم اعلان کرنا چاہتا ہوں۔ معاف کیجئے گا نماز کا وقت آچکا ہے تو اس کے بعد ہی اعلان کروں گا —

(نماز کے بعد)

جزاک اللہ! ہاں! تو بھائیو! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آپ کو اس ملکِ عزیز میں اسلام چلانے کے لیے ایک امیر کی ضرورت ہے۔ میں اپنے کو آپ کی مرضی کے بغیر امیر کی حیثیت سے لادنے کی کوشش نہیں کررہا ہوں۔ میں نے کئی ماہ پہلے یہ وعدہ کیا تھا کہ آپ کی مرضی معلوم کرنے کے بعد ہی اس ملک کے لیڈر کے نام کا اعلان ہوگا۔ اس لیے آپ کو کھلی اجازت دی جاتی ہے کہ مجھے اپنے ملک کا امیر بنائیں یا اس سے انکار کردیں۔ اگر اس اعلان کے دو دن بعد میری مخالفت میں سارے ملک میں ہنگامے نہ ہوں گے تو اسلامی قوانین کے تحت میں آپ کی اس خاموشی کو رضامندی سمجھ لوں گا۔ خدا حافظ!

(دو دن بعد)

ہاں! تو پاکستانیو اور جوانو! مبارک ہو تم کو کہ تمہاری اپنی مرضی کے مطابق اللہ تعالیٰ نے تم کو ایک امیر دے دیا۔ جوانو! تم نے گذشتہ دو دن جس طرح ۴۸ گھنٹے چپ سادھ کر ڈیوٹی ادا کی، میں تمہارے امیر کی حیثیت سے تم کو بارہ گھنٹے کی چھٹی دیتا ہوں۔ پاکستانی قوم! اب تم کو تمہارا امیر ٹی۔وی بند کرنے کا حکم دیتا ہے اور ہدایت کرتا ہے کہ دو دن تک نمازِ شکرانہ پڑھتے رہو —— خدا حافظ!

ہر قسم کی اردو کتابیں دستیاب ہیں۔ مفت فہرست کے لیے ہمیں لکھیئے۔

اردو ڈائجسٹ

ہر مہینے اردو ڈائجسٹ حاصل کرنے کے لیئے
ہمیں لکھیئے یا فون کیجیئے

PRICE: $2.25, [Postage 45cents Extra] Subscription for one year $28.00

اپنے چیک TechnoPak کے نام لکھیئے اور اس پتے پر بھیجیئے:

Suite 804, 100 Echo Point, Scarborough, Ontario,
Canada, M1W 2V2 (phones:(416) 497 9623, 493 4374)

محفلِ شعر و سخن

(اشعار بہ اعتبارِ عنوان)

بندگی اور بُت و بُت خانہ

اللہ ری گمرہی کہ بُت و بُت خانہ چھوڑ کر
مومن چلا ہے کعبہ کو اک پارسا کے ساتھ
— مومن

•

حرم میں دیر میں تجھ کو پکارا
جواب اب تک نہیں آیا کہیں سے
— نسیم بنارسی

•

ترے بندوں سے یہ بت کرتے ہیں دعویٰ خدائی کا
تماشا دیکھتا ہے تُو تِری شانِ کبریائی کا
— محمد علی جوہر

•

دیکھیئے اللہ کی یہ قدرتیں
سنگ سے بُت، بُت سے خدا ہوگیا
— آتش لکھنوی

•

گو واں نہیں، پہ واں کے نکالے ہوئے تو ہیں
کعبہ سے ان بتوں کو بھی نسبت ہے دور کی
— غالب

•

پہلے دعوائے خدائی اس بُت کافر کو تھا
کچھ درستی پر جو آیا آج، انسان ہوگیا
— شہرت دہلوی

•

رکھ دیا ہاتھ مرے منہ پہ بُتِ کافر نے
صبح اٹھتے نہ دیا نام خدا کا لے کر
— داغ

•

تو بے نشاں ہے تری جستجو سے کیا حاصل
ترا یقین ہی کافی ہے بندگی کے لیئے
— پیرزادہ فلک

مدار

بس ایک لمحے کی دوستی کا جواز کیا ہے؛
یہی کہ جسموں کی بے محابا طلب نے ٹھکرا دیا ہے ہم کو!
یہی کہ ہم دونوں اپنی اپنی اداس بے گانگی سے تھک کر
کنارِ راہِ طلب ملے ہیں؛
پھر اس سے آگے مسافتیں ہیں
طویل، بے ڈھب مسافتیں ہیں
تھکے ہوئے دن کا جلتا سورج، جو خود بھی میری تمہاری طرح سے
مدارِ ہستی پہ چل رہا ہے
خود اپنی تنہائیوں کے دوزخ میں جل رہا ہے
اسی طرح جیسے تو جلا ہے
اسی طرح جیسے میں جلا ہوں
مگر ہم اپنے بدن کے تنہا مدار پر ایسے چل رہے ہیں
کہ جیسے دونوں کے بیچ صدیوں کے فاصلے ہیں
بس ایک نقطہ بدن کا ایسا ہے
جس پہ ہم دونوں مل گئے ہیں
پھر اس کے آگے طویل راہوں کے سلسلے ہیں

غلام جیلانی اصغر

اگر تم سمجھدار ہو تو تمہارے حق میں اچھا یہی ہے کہ روزہ رکھو

یہ مہینہ صبر کا مہینہ ہے اور صبر کا صلہ جنت ہے



حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے۔ فرمایا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے۔

اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے اس بات کی شہادت کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمدؐ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ نماز قائم کرنا۔ زکوٰۃ ادا کرنا۔ حج بیت اللہ۔ اور رمضان کے روزے

(مسلم)

رمضان المبارک کے پورے مہینے میں مسلسل روزے رکھنے کا حکم مدینہ منورہ میں جنگ بدر سے قریباً تین ہفتے پیشتر ۲ھ میں صادر ہوا تھا۔ اس سے پہلے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سال کے مختلف مہینوں میں روزے کثرت سے رکھتے تھے۔ اور مسلمانوں کو ہر مہینے تین دن روزے رکھنے کی ہدایت فرماتے تھے۔

ابن ابی لیلیٰ کی روایت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ معظمہ سے ہجرت فرما کر مدینہ منورہ تشریف لائے تو لوگوں کو ہر مہینے تین دن روزے رکھنے کی ہدایت فرمائی یہ روزے فرض نہ تھے۔

(طبری)

رمضان المبارک کے روزے فرض ہونے کا حکم صادر ہونے پر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو جمع کر کے خطبہ ارشاد فرمایا جس میں ماہ صیام کی عظمت و فضیلت کا ذکر کافی تفصیل کے ساتھ ہے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی روایت کے مطابق اس خطبے کا خلاصہ حسب ذیل ہے:۔

حضرت سلمان فارسیؓ فرماتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے سامنے خطبہ دیا اور فرمایا:۔

"اے لوگو۔ تم پر عظمت و برکت والا مہینہ رمضان سایہ فگن ہو رہا ہے اس میں ایک رات ایسی ہے جو ہزار مہینوں سے افضل ہے اور اللہ تعالےٰ نے اس ماہ کے روزے تم پر فرض کئے ہیں اور اس مہینے میں رات کی عبادت تمہارے لئے نوافل میں ہے۔ جو شخص اس مہینے میں نیک اعمال اور نفلی عبادات و خیرات کے ذریعے اللہ تعالےٰ کا قرب حاصل کرنے کی کوشش کرے گا اسے دوسرے مہینوں کی فرض عبادات کے برابر ثواب ملے گا۔ اور اس مہینے کی فرض عبادتوں کا ثواب دوسرے مہینوں کی ستر فرض عبادتوں کے برابر ہے۔ یہ مہینہ صبر کا مہینہ ہے اور صبر کا صلہ جنت ہے۔ یہ مہینہ محبت و غمخواری کا مہینہ ہے۔ اس مہینے میں ایمان والوں کے رزق میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس مہینے میں کسی روزہ دار کو افطار کرانا گناہوں کی معافی اور دوزخ سے نجات پانے کا ذریعہ ہے۔ اس مہینے کے پہلے حصے میں رحمت، دوسرے میں مغفرت اور تیسرے میں دوزخ سے نجات ہے۔ جس شخص نے اس مہینے میں اپنے غلام و خادم (ملازم) سے کام لینے میں نرمی برتی اور محنت و مشقت میں تخفیف کر دی اس کو اللہ تعالےٰ دوزخ سے نجات دے گا"

(بیہقی)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے اپنی روایت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حسب ذیل ارشاد بھی نقل کیا ہے۔

"اس بابرکت مہینے میں رحمت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔ دوزخ کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اور سرکش شیطانوں کو جکڑ دیا جاتا ہے" (نسائی)

اسلام دین فطرت ہے وہ اپنے احکام صادر کرنے میں جبر و تشدد اور عجلت سے کام نہیں لیتا بلکہ محبت و نرمی کے ساتھ انسان کو تدریج برائیوں سے متنفر کرتا اور نیکیوں کی ترغیب دیتا ہے۔ جب اس نفسیاتی طریقے سے لوگوں کے دل آہستہ آہستہ برائی سے بیزار اور نیکی کی جانب مائل ہو جاتے ہیں تو وہ اس بات کی حرمت یا فرضیت کے آخری و قطعی احکام صادر کر دیتا ہے اسلام کے نئے ابھرتے ہوئے معاشرے کو سود شراب، قمار بازی اور غلامی وغیرہ کی لعنتوں سے پاک کرنے کے لئے یہی حکیمانہ طریقہ اختیار کیا گیا ہے۔ اور ایک مہینے کے روزے فرض کرنے کے سلسلے میں بھی اسی طریقے پر عمل کیا گیا۔

روحانی پاکیزگی، اور جسمانی صحت کے لئے روزہ بہت مفید ہے لیکن انسانی فطرت کے پیش نظر مسلسل ایک ماہ تک کڑی شرطوں کے ساتھ روزہ رکھنا آسان نہیں۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے اکثر مہینوں میں خود روزے رکھ کر مسلمانوں کو روزے کی افادیت کی جانب متوجہ فرمایا۔ اور جب روزے کے فوائد آہستہ آہستہ ان کی سمجھ میں آنے لگے تو لوگوں کو بالکل رضاکارانہ طور پر ہر مہینے تین روزے رکھنے کی ہدایت فرمائی۔ تاکہ وہ اللہ تعالےٰ کے اس حکم کی تعمیل کے لئے بتدریج تیار ہو جائیں جو روزے فرض ہونے کے متعلق بارگاہ الٰہی سے عنقریب نازل ہونے والا تھا۔ جب یہ مرحلہ بھی طے ہو گیا تو بعثت نبوی کے پندرھویں سال ۲ھ میں روزے تمام عاقل، بالغ اور تندرست مسلمان مردوں اور عورتوں پر اللہ تعالےٰ کی جانب سے فرض کئے گئے اور یہ ابتدائی حکم نازل ہوا:۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَیْكُمُ الصِّیَامُ ... اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ (پارہ سیقول سورہ بقرہ آیت ۱۸۳ - ۱۸۴)

ترجمہ:۔ اے ایمان والو۔ تم پر روزے فرض کر دیئے گئے۔ جس طرح سے پہلے (دیگر اہل مذاہب پر) فرض کئے گئے تھے تاکہ تم متقی بن جاؤ۔ چند گنتی کے دن ہیں لیکن تم میں سے کوئی شخص بیمار ہو یا سفر کی حالت میں ہو تو وہ دوسرے دنوں میں تعداد پوری کرے اور جو لوگ روزہ رکھنے کی طاقت رکھتے ہیں تو ان کے لئے فدیہ ایک مسکین کو کھانا کھلانا ہے لیکن اگر کوئی شخص زیادہ نیکی کرنا چاہے تو وہ اس کے لئے بہتر ہے۔ لیکن اگر تم سمجھدار ہو تو تمہارے حق میں اچھا یہی ہے کہ روزہ رکھو۔

اس ابتدائی حکم میں سب سے پہلے یہ بتایا گیا ہے کہ روزہ کوئی ایسی چیز نہیں جو دنیا میں صرف مسلمانوں پر فرض کر دیا گیا۔ بلکہ سابقہ مذاہب میں بھی روزے کی تعلیم پر عمل کیا گیا ہے۔ روزوں کا بنیادی مقصد بتایا گیا ہے تقویٰ ہے اور تقویٰ کی ایک بہت پاکیزہ، مختصر اور جامع تعریف حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے یہ فرمائی ہے کہ:۔

"تقویٰ نام ہے اسلام کے دشوار گزار راستوں پر اس احتیاط و اہتمام کے ساتھ گزر جانے کا کہ زندگی کا دامن اللہ تعالےٰ کی نافرمانی کے کانٹوں سے نہ الجھنے پائے۔"

روزے فرض ہونے کے اس ابتدائی حکم میں روزوں کی تعداد نہیں بتائی گئی بلکہ صرف گنتی کے روزوں کا ذکر کیا گیا ہے اور یہ رعایت بھی کر دی گئی ہے کہ جو لوگ بیمار یا مسافر ہوں اور ان کے لئے روزے کی مشقت برداشت کرنا دشوار ہو وہ رمضان المبارک میں روزے نہ رکھیں اور بیماری سے صحت یاب ہونے یا سفر ختم کرنے کے بعد اپنے روزوں کی تعداد پوری کر لیں۔ ابتدائی حکم میں بیماروں اور مسافروں کو قضا روزے رکھنے کی اجازت دینے کے علاوہ عام لوگوں کے ساتھ بھی ایک بہت بڑی رعایت کی گئی ہے کہ جو لوگ نہ تو بیمار ہیں اور نہ حالت سفر میں ہیں لیکن ان کے لئے روزے رکھنا زیادہ دشوار ہے وہ ہر روزے کے بدلے کم سے کم ایک مسکین کو دونوں وقت پیٹ بھر کر کھانا کھلا دیں اور اگر اس سے کچھ زیادہ کرنا چاہیں تو اور بھی اچھا ہے۔ لیکن۔ سمجھدار آدمی کے لئے بہتر یہی ہے کہ وہ روزے کی تکلیف محسوس کرنے کے باوجود روزے رکھے۔

یہ اسلام میں روزے کا ابتدائی حکم ہے۔ بخاری شریف کے مشہور و مستند شارح حضرت امام عینیؒ اس ابتدائی حکم کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

"ابتدائے اسلام میں جب مسلمانوں پر روزے فرض کئے گئے تو ان پر سخت گزرے اس لئے ان کو افطار و فدیہ کی اجازت دی گئی۔ صحابی رسولؐ حضرت معاذ بن جبلؓ فرماتے ہیں کہ ابتدائے اسلام میں جو شخص چاہتا روزہ رکھتا۔ اور جو روزہ رکھنا نہ چاہتا تو وہ ہر روزے کے بدلے ایک مسکین کو کھانا کھلا دیتا۔ یہاں تک کہ بعد کی آیت نازل ہوئی"

طبری میں بھی حضرت ابن ابی لیلیٰ کی یہ روایت ہے کہ "جب روزے فرض ہوئے تو قوم کو چونکہ روزے رکھنے کی عادت نہ تھی اس لئے ان پر روزہ شاق گزرا۔ بس جو شخص روزہ نہ رکھتا وہ ایک مسکین کو کھانا کھلا دیتا تھا۔ یہاں تک کہ یہ آیت نازل ہوئی۔ بیماروں اور مسافروں کے لئے تو روزوں کی تعداد میں پوری کرنے کی اجازت برقرار رہی لیکن ہمیں روزوں کا حکم دیا گیا۔" (ابن جریر)

وہ دوسری آیت جس کی جانب امام عینیؒ اور امام ابن جریر طبری نے اشارہ کیا ہے سورۃ البقرہ کی وہ آیت ہے جو روزے فرض ہونے کے مجمل ابتدائی حکم کے قریباً ایک سال بعد جبکہ لوگوں کو روزے رکھنے کی عادت پڑ چکی تھی مدینہ منورہ میں نازل ہوئی اور اس کا ترجمہ حسب ذیل ہے:۔

"رمضان کا وہ مہینہ جس میں قرآن نازل کیا گیا، جو انسانوں کے لئے سراسر ہدایت اور ایسی واضح تعلیمات پر مشتمل ہے، جو راہ راست دکھاتی اور حق و باطل کا فرق ظاہر کر دیتی ہیں لہٰذا جو شخص اس مہینے کو پائے اسے لازم ہے کہ (پورے مہینے) روزے رکھے۔ اور جو کوئی مریض یا مسافر ہو تو وہ دوسرے دنوں میں روزوں کی تعداد پوری کرے اللہ تمہارے لئے آسانی چاہتا ہے۔ سختی نہیں چاہتا لہٰذا یہ طریقہ بتایا جا رہا ہے کہ تم روزوں کی تعداد پوری کر سکو۔ تمہیں جو یہ ہدایت دی جا رہی ہے اس لئے ہے کہ تم اللہ کی کبریائی کا اعتراف کرو اور شکر گزار بنو۔"

یہ آیت نازل ہونے کے بعد:۔

۱۔ روزوں کے مہینے اور روزوں کی تعداد کا تعین کیا گیا یعنی رمضان المبارک کے پورے مہینے روزے رکھے جائیں گے۔

۲۔ شدید بیماروں اور تکلیف دہ سفر کرنے والوں کے لئے یہ رعایت بدستور قائم رہی کہ وہ اگر رمضان شریف میں علالت یا سفر کی وجہ سے روزے نہ رکھ سکیں تو صحت یاب ہونے یا سفر ختم ہونے کے بعد دوسرے ایام میں رمضان المبارک کے چھوٹے ہوئے روزوں کی قضا کر لیں۔

۳۔ یہ عام اجازت ختم کر دی گئی کہ جو تندرست بالغ اور مقیم شخص روزہ رکھنا نہ چاہے وہ فدیہ کے طور پر فی روزہ ایک مسکین کو دونوں وقت کھانا کھلا دے۔ اب ہر مسلمان مرد اور عورت بشرطیکہ وہ تندرست، بالغ و عاقل اور مقیم ہو رمضان المبارک کے پورے مہینے مسلسل روزے رکھنے پر مکلف کر دیا گیا۔

چونکہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے کہ وہ اپنے بندوں کے لئے سختی نہیں بلکہ نرمی پسند کرتا ہے۔ اس لئے روزوں میں بعض رعایتوں کا سلسلہ قائم ہے۔ مثلاً:۔

۱۔ بوڑھا آدمی جو آسانی سے روزہ نہ رکھ سکے وہ فدیہ کے طور پر ایک مسکین کو دونوں وقت پیٹ بھر کر کھانا کھلائے یا اسے پونے دو سیر گیہوں دیدے۔ لیکن ایک سچے مسلمان کی حیثیت سے اس کی نیت یہ ہونی چاہئے کہ اگر اللہ تعالےٰ نے اپنے فضل و کرم سے اس کی صحت بحال فرما دی تو وہ رمضان کے روزوں کی قضا رکھے گا۔

۲۔ اگر روزہ دار پر اچانک کسی مرض کا حملہ ہو جائے اور روزے سے مرض یا تکلیف بڑھ جانے کا اندیشہ ہو تو روزہ چھوڑ دے اور بعد میں تعداد پوری کر لے۔

۳۔ حاملہ کو اگر کمزوری بڑھنے کا خدشہ ہو تو روزہ چھوڑ دینا جائز ہے بعد میں قضا رکھ لے۔

۴۔ جو عورت اپنے بچے کو دودھ پلاتی ہو یا کسی غیر کے بچے کو، اگر یہ اندیشہ ہو کہ روزہ رکھنے سے دودھ کم ہو گا اور بچے کو تکلیف ہوگی تو اس کے لئے روزہ ترک کر کے بعد میں قضا کر لینا جائز ہے۔

سفر کی حالت میں روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے لیکن اگر سفر تکلیف دہ نہیں اور ایک مسلمان یہ سمجھتا ہے کہ وہ دوران سفر آسانی کے ساتھ روزہ رکھ سکے گا تو وہ روزہ رکھ سکتا ہے۔

غرضیکہ روزہ رکھنے یا نہ رکھنے کا دارومدار مسلمان کی قوت فیصلہ پر ہے۔ سرکار دو عالمؐ نے سفر کی حالت میں روزہ رکھا بھی ہے۔ اور ترک بھی فرمایا ہے بعض لوگوں کو سفر میں رسول کریمؐ کی ہم رکابی کا شرف حاصل ہوتا تھا۔ ان میں کوئی صحابی روزہ رکھتا تھا اور کوئی نہ رکھتا تھا۔ لیکن آپس میں ایک دوسرے پر اعتراض نہیں کرتے تھے۔ بہتر یہی ہے کہ سفر کی نوعیت۔ طول و قرب تکلیف دہ یا آرام دہ اور خود اپنی قوت برداشت کو دیکھ کر روزہ رکھنے یا نہ رکھنے کا فیصلہ کیا جائے۔ عہد نبوت میں ایک سفر کے موقع پر ایک شخص کا بُرا حال ہو گیا اور وہ گر پڑا۔ رسول اللہؐ نے دریافت فرمایا کہ یہ کیا معاملہ ہے۔ لوگوں نے عرض کیا کہ یہ شخص روزے سے ہے۔ اور سفر میں روزے کی تاب نہ لا کر گر پڑا۔ سرکار دو عالمؐ نے ارشاد فرمایا۔ "یہ نیکی نہیں ہے" (یعنی سفر کی صعوبت اور اپنی قوت برداشت پر نظر کئے بغیر روزہ رکھ لینا کوئی اچھی بات نہیں)

رسول کریمؐ جہاد کے موقعوں پر لوگوں کو روزہ رکھنے سے حکماً منع فرما دیتے تھے اور اس میں مصلحت یہ تھی کہ مجاہدان اسلام جنگ کے وقت ضعف محسوس نہ کریں۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ مسلمانوں نے جب مکہ معظمہ کی جانب پیش قدمی کی تو رسول اللہؐ نے ارشاد فرمایا۔

"دشمن سے مقابلہ درپیش ہے روزے چھوڑ دو تاکہ تمہیں جنگ کی قوت حاصل ہو"

اگر مسلمانوں کے کسی شہر پر کوئی دشمن اچانک جارحانہ حملہ کر دے تو امام ابن تیمیہ کے فتوے کے مطابق مسلمان شہر جہاد کی نیت سے روزہ چھوڑ سکتے ہیں۔ (لیکن بعض علماء نے اس رائے سے اختلاف کیا ہے) بعض علماء یہ بھی ہیں کہ روزہ دار کے لئے روزے کو توڑ دینا نہ صرف جائز بلکہ واجب ہے۔ مثلاً ایک روزہ دار پر اچانک کسی مرض کا حملہ ہو گیا اور روزہ اس کے لئے مضر ثابت ہو رہا ہے یا کسی روزہ دار کو اس قدر سخت پیاس لگی کہ وہ برداشت نہیں کر سکتا اور اس کی جان کے لالے پڑ رہے ہیں۔ ایسی صورت میں اسے روزہ توڑ دینا چاہیئے ورنہ وہ خدا کا گنہگار ہوگا۔

رسول اللہؐ کے اکثر صحابی سحری کا انتظام خصوصیت کے ساتھ کرتے تھے اور رسول اللہؐ کے خادم خاص حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی روایت کے مطابق سرکار دو عالمؐ نے ارشاد فرمایا ہے کہ:۔

"سحری کھایا کرو۔ کیونکہ سحری کھانے میں برکت ہے۔"

(مسلم)

اسی طرح روزہ افطار کرنے میں بھی آسانی رکھی گئی ہے اور غروب آفتاب کے بعد افطار میں تاخیر مناسب نہیں۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے، کہ فرمایا رسول کریمؐ نے کہ:۔

"اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ مجھے وہ بندہ بہت پیارا ہے جو روزہ افطار کرنے میں جلدی کرتا ہے"

(ترمذی)

اگر کسی مسلمان سے روزے میں تقاضائے فطرت کوئی بھول چوک ہو جائے تو اللہ تعالیٰ معاف فرمانے والا ہے لیکن اگر کوئی شخص کسی عذر شرعی کے بغیر جان بوجھ کر روزہ توڑ دے تو اس کی سزا بھی سخت ہے یعنی یا تو وہ ایک غلام خرید کر آزاد کرے یا مسلسل ساٹھ روزے رکھے یا ساٹھ مسکینوں کو دونوں وقت پیٹ بھر کر کھانا کھلائے۔

روزہ ایک عظیم عبادت اور تزکیہ قلب و روح کا بہترین ذریعہ ہے۔ چنانچہ سحری فاطر ہونے کے بعد سے غروب آفتاب کے وقت تک کھانے، پینے، سگریٹ پان تمباکو غرض کہ کھانے پینے کی ہر چیز ترک کر دینا یقیناً ایک بڑا مجاہدہ ہے اور یہ مجاہدہ صرف کھانے پینے تک محدود نہیں رہتا بلکہ ایک مسلمان کو اپنی زبان، حرکات، جذبات اور خیالات غرض کہ ہر چیز پر قابو رکھنا ہوتا ہے۔ اسے لازم ہے کہ کوئی بری بات زبان سے نہ نکالے۔ کسی بری حرکت کا مرتکب نہ ہو۔ کوئی بری بات نہ سوچے اور غصہ وغیرہ کسی برے جذبے کو دل میں جگہ نہ دے۔ مسلسل ایک ماہ تک نفس کشی، جذبات پر قابو پانے اور غریبوں کی امداد کرنے کی تربیت انسانی کردار کی بلندی اور قلب و روح کی تطہیر کے لئے کس قدر مفید ہو سکتی ہے۔ اس کا اندازہ ہر شخص کر سکتا ہے۔ چنانچہ حضرت ابی امامہ کی روایت کے مطابق رسول اللہؐ نے فرمایا ہے۔

"تم اپنے لئے روزہ لازم کر لو، کیونکہ اس کا جواب نہیں ہے"

روزہ اگر بہت بڑا مجاہدہ ہے تو اس کے اجر کا بھی کوئی انتہا نہیں۔ حدیث قدسی کے مطابق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ روزہ دار کا اجر میں خود ہوں اور روزہ دار کے منہ کی بو اللہ تعالیٰ کو مشک سے زیادہ عزیز ہے۔ یہی وہ متبرک مہینہ ہے جس میں دنیا کی رہنمائی کے لئے قرآن مجید نازل ہوا۔

آیئے ہم اس مبارک مہینے کی عظمتوں کو اپنے قلب کی گہرائیوں میں محسوس کریں۔ پابندی سے روزے رکھیں، روزوں کی غرض و غایت کو سمجھیں۔ غریبوں کی امداد سے غافل نہ ہوں۔ قومی معاشرے کی اصلاح کریں۔ اور اپنی زندگی اسلام کے سانچے میں ڈھالنے کی پوری کوشش کریں۔

شہروسند صیانہ (سوئٹزرلینڈ)

پندرہ روزہ
کریسنٹ
انٹرنیشنل
سورو کینیڈا

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

سنو! جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف ہو گا نہ وہ غمگین ہوں گے۔

عزم کے فیصلے

پاکستان ایک بار پھر دوراہے پر کھڑا ہے۔

ایک راستہ سلامتی کا ہے اور دوسرا تباہی کا۔ صحیح فکر اور صحیح اقدامات سے مستقبل روشن بنایا جا سکتا ہے اور منفی ذہنیت اور جذباتی نعرے ملک میں انتشار پیدا کر سکتے ہیں۔ ایک ایسا انتشار جس پر قابو بھی نہ پایا جا سکے۔

قوم کی عظیم اکثریت سلامتی کی راہ پر چلنا چاہتی ہے۔ اس میں عزم بھی ہے اور یقین بھی۔ یہی وہ قوت ہے جس کے آگے مطلق العنان آمر، مشتعل صفت جابر اور منافق وقت ساحر بھی نہ ٹھہر سکے اور یہی قوت تنگ حالات کا دھارا اور تاریخ کا فیصلہ بدل سکتی ہے۔

پاکستان میں اس وقت ایک جنگ برپا ہے امن اور بدامنی کے مابین۔ امید، مایوسی کو شکست کرنے کا حوصلہ عطا کرتی ہے اور مایوسی، زندگی کو موت کے حوالے کر دینے کا مشورہ دیتی ہے۔

اس کشمکش میں فتح منفی اسی گروہ کو نصیب ہو گی جو یقین اور عزم کے ساتھ فیصلے کرے گا اور طوفانوں کے منہ موڑ دینے کے لیے کمربستہ ہو گا۔ اہل عزم یقیناً شر کی قوتوں کے لیے ایک بار پھر سر دھڑ کی بازی لگا دیں گے اور بدی کی قوتوں کو سرنگوں ہو جانے پر مجبور کر دیں گے۔

یہ ایثار اور یہ عزم دو تین ماہ ہی کے اندر حالات کا نقشہ بدل ڈالے گا۔ تاجروں، زمینداروں اور محنت و مشقت کے شعبوں کو جانے پہچانے پناہ بھی مل سکے گی اور وطن کی سالمیت کا دامن عصبیتوں سے چاک کرنے والے ہتھیار ڈالنے ہی میں اپنی عافیت سمجھیں گے۔

اتحاد کا مظاہرہ دو برس پہلے بھی ہوا تھا اور یہ انقلاب آج بھی آ سکتا ہے۔ فقط مضبوط ارادوں اور مضبوط فیصلوں کا انتظار ہے۔ ہمارے ارباب اقتدار اور ہمارے سیاسی رہنما کچھ اس طرح وقت گزار رہے ہیں جیسے ان میں قوت فیصلہ ہی نہ ہو، جیسے انہیں حالات کی سنگینی کا احساس ہی نہ ہو، جیسے نوشتہ دیوار پڑھنا ہی نہ آتا ہو۔

آخر ایسا کیوں ہے؟

وہ شاید طاقت اور مقبولیت کا زعم رکھتے ہیں کہ وقت آنے پر دیکھ لیا جائے گا، یا شاید آنے والے طوفان سے خوفزدہ ہیں، اسی لیے کوئی فیصلہ نہیں کر پاتے، یا شاید انہیں معجزوں کا انتظار ہے کہ بند خود ہی بندھ جائیں گے۔

یہ غیر حقیقی رویے انتشار کو بڑھنے سے نہیں بچا سکتے۔ سلامتی کا ایک ہی راستہ ہے کہ مثبت سوچ رکھنے والی قوتیں متحد ہو جائیں اور کوئی لمحہ ضائع نہ ہونے دیں۔ مفادات نے اگر انہیں آج بھی تقسیم کیے رکھا، تو پھر وہ قبرستان ہی میں اکٹھے ہو سکیں گے۔ بہت غلطی ہو چکی، اب ہوش سے کام لینے کی ضرورت ہے۔ الگ الگ رہنے میں زندگی کا زیاں ہے، آزادی کو خطرہ ہے۔ قومی سلامتی اور وقار کو سخت چیلنج درپیش ہے۔ اب، اور پھر کبھی نہیں کا معاملہ ہے۔ سیاسی قیادتوں نے مایوس کیا، تو پھر عوام خود قیادت سنبھال لیں گے۔ کیا خبر پھر کیا ہو؟ ضرور کوئی غیر معمولی بات ہو گی۔

فوجی حکومت نے دو سال بڑے بڑے کارناموں کی آرزو اور جستجو میں گزار دیے بلاشبہ بدی کے بعض سوتوں کو ڈھونڈنے اور نیکی نے سفر کا آغاز بھی کیا، مگر رویوں اور فیصلوں میں تسلسل اور مضبوطی نہ ہونے کی وجہ سے اچھے مواقع ہاتھ سے نکل گئے، تاہم زندگی کا ہر لمحہ ایک سنہری موقع فراہم کرتا ہے، اس لیے ماضی پر ماتم کرنے کے بجائے عمل کی راہ اختیار کرنی چاہیے۔ حالات کی صف بندی آج بھی ہو سکتی ہے، عصبیتوں کا تدارک آج بھی ممکن ہے، دو ماہ بعد شاید ایسا نہ ہو سکے۔ قوم کو مخمصوں میں ڈالنے کے بجائے، اس کی توانائیوں کو ایک نقطے پر مرتکز کر دینے ہی سے نازک ترین بحران پر قابو پایا جا سکے گا۔

وقت کا بڑا حصہ گزر چکا۔ اب جو باقی ہے اس کا ایک ایک لمحہ ایقان اور عزم کی روح پھونکنے میں صرف کیا جائے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ ارباب اختیار اپنے عمل سے اس بات کا ثبوت دیں کہ انہیں پاکستان کے مستقبل پر غیر متزلزل یقین ہے اور وہ صحت مند قوتوں کے ساتھ ہیں اور تاریخ کے فیصلے سے پہلے، خود فیصلے صادر کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور وقت اور سمت کے شعور سے بہرہ ور ہیں۔

اس عزم و یقین کی کوکھ سے جو طوفان اٹھے گا، وہ یقیناً زندگی کا طوفان ہو گا، مگر اس کے لیے زندگی کی آسائشیں قربان کرنا ہوں گی اور عوام کی سطح پر آنا ہو گا۔

الطاف حسن قریشی

اردو ڈائجسٹ

اس وقت تو دیر ہو چکی ہو گی!

اس سال مارچ میں ہرات کے مقامی لوگوں نے علاقے کے فوجی کیمپ پر ہلہ بول دیا۔ اس حملہ کی جوابی کارروائی کے لیے جب افغان ایئر فورس نے کوئی قدم اٹھانے سے انکار کر دیا تو روسی مشاورت نے تورگنڈی کے مقام پر سرحد عبور کر کے ہرات پر شدید بمباری کی۔ ایک اندازے کے مطابق اس بمباری میں تقریباً بارہ ہزار افغان مسلمان شہید ہوئے۔ اس بمباری نے جلتی پر تیل چھڑک دیا۔ پھر کیا تھا ملک کے طول و عرض میں غم و غصہ کی ایک لہر دوڑ گئی۔ تین سو روسی مشیروں کو ہلاک کر دیا گیا۔ صدر ترہ کی نے بگڑتے حالات پر قابو پانے کے لیے یہ بیان دیا تھا کہ ہرات میں روسیوں نے نہیں بلکہ چار ہزار ایرانی شرپسندوں نے قتل عام کیا ہے۔

اس وقت افغانستان کی فوجی قوت جیالوں سے ہزار سپاہیوں پر مشتمل ہے جسے چھ ڈویژن میں تقسیم کیا گیا ہے جن کی پشت پناہی ایک سو ساٹھ جدید ترین مگ طیارے، ۲۵ ہیلی کاپٹر، سات سو جدید ترین روسی ٹینک اور پندرہ سو ہلکے ٹینک کرتے ہیں۔ حال ہی میں ہنگامی ضرورت کے تحت MI-24 HIND قسم کے ایسے ہیلی کاپٹر بھی دیکھنے میں آئے ہیں جنہیں روس کے باہر دنیا میں ابھی کسی دوسری جگہ استعمال میں نہیں لایا گیا۔ AT-3 سیگر راکٹ اور فضا سے فضا میں مار کرنے والے میزائل جنہیں MIG-21s میں استعمال کیا جا رہا ہے۔ زمین سے فضا میں مار کرنے والے "سام" میزائلوں کا مہلک نظام بھی افغانستان کی مختلف دفاعی چوکیوں پر نصب کیا جا رہا ہے۔

یہ تمام پیچیدہ تیاری کسی بیرونی حملہ آور سے دفاع کے لیے تو مفید ہو سکتی ہے مگر اندرونی شورش دن بدن افغانستان کی اشتراکی حکومت کے لیے بے قابو ہوتی جا رہی ہے۔ صدر ترہ کی سمیت برسر اقتدار طبقہ کے اہل و عیال ماسکو پہنچ چکے ہیں۔ روسی خبر رساں ایجنسی کے مطابق جلال آباد میں گھمسان کی جنگ لڑی جا رہی ہے۔

اس وقت افغانستان سوویت یونین کے ساتھ پچاس معاہدوں میں منسلک ہے۔ جو دفاعی معاہدوں کے علاوہ ہیں۔

افغانستان میں مقیم روسی مشیروں کی تعداد ۵ ہزار سے تجاوز کر چکی ہے۔ اور مزید مشیر مشرقی جرمنی اور کیوبا سے افغانستان پہنچ رہے ہیں۔ افغان پالیسی میں افغانستان کی واپسی کی جس انقلابی قیاس آرائیاں کی جو رہی ہیں بعد میں یونین کی آنکھوں کے تارے نور محمد ترہ کی نے اپنے آقاؤں کو خوش کرنے کیلئے حال ہی میں ایک بیان دیا "مذہب کی آڑ میں جس کسی نے بھی انقلاب کے خلاف آواز اٹھائی اسے کچل دیا جائے گا۔"

افغانستان کی کل آبادی ۲ کروڑ افراد پر مشتمل ہے۔ جن میں چالیس ہزار باشندوں کو اب تک ترہ کی حکومت قتل کر چکی ہے اور پچاس ہزار کے قریب افغان شہری جیلوں میں سڑ رہے ہیں۔ جن کا قصور یہ ہے کہ وہ روس کی کٹھ پتلی حکومت کو اپنے سروں پر برداشت نہیں کر سکتے۔ سب سے بڑا تک اور بدنام زمانہ جیل کابل کے نواح میں پلی چرخی کے مقام پر واقع ہے۔

لندن سے شائع ہونے والے جریدے "ایمپکٹ انٹرنیشنل" کی اطلاع کے مطابق خلق پارٹی میں شمولیت کے وقت ممبر کی وفاداری کے امتحان کے لیے اسے کہا جاتا ہے کہ وہ قرآن مجید کو پاؤں تلے روندتا ہوا کمرے میں داخل ہو۔

کتنی عجیب بات ہے کہ وحشت و بربریت کو روکنے کی بجائے کرۂ ارض کے مسلمان خاموش تماشائی بنے بیٹھے ہیں۔ ان میں شمالی افریقہ کے مسلمان بھی شامل ہیں۔ ایک سابق وزیراعظم کی پھانسی پر تو قیامت بپا ہو جاتی ہے۔ لیکن چالیس ہزار مسلمانوں کی زندگیاں کوئی وقعت نہیں رکھتیں۔ قرآن کی بے حرمتی پر بھی ہماری غیرت جوش میں نہیں آتی۔ کیا ہمیں اس وقت ہوش آئے گا جب روسی ٹینک درۂ خیبر سے نکل کر خدانخواستہ پشاور، لاہور اور حیدرآباد کو تخت و تاراج کرتے ہوئے گرم پانیوں کی طرف بڑھتے چلے جائیں گے۔ مگر اس وقت تک تو بہت دیر ہو چکی ہو گی۔

حسنی (ٹورانٹو)

روزوں کا ثمرہ

روزوں کا ثمرہ قرب الٰہی ہے۔ اور انسان کے لیے یہ سب سے بڑا انعام ہے۔ ویسے تو اللہ تعالیٰ ہر ایک کی رگ جاں سے قریب تر ہے مگر اس کا احساس کسی کسی کو ہوتا ہے۔ اگر یہ احساس ہو جائے تو کوئی برائی نہ کر سکے۔ کسی بڑے سے بڑے جابر سے مرعوب نہ ہو۔ اللہ ہر دم لطف و کیف سے سرشار رہے۔

از مشتعبہ خلد ما بعد نظر بر انگیزی
نزدیک تر از جانی با خویہ کم آمیزی

انسان کی ایک حیوانی طبیعت یا نفس ہے۔ ہوس، خود نمائی وغیرہ کی حیوانی جبلتیں اس کا خاصہ ہیں۔ دوسری طرف اس کی روح ہے، جو اللہ تعالیٰ کی روح میں سے پھونکی جانے کے باعث، ہر دم قرب کے قرب کی "آتش" رکھتی ہے۔ روح اسے بلندیوں کی طرف لے جانا چاہتی ہے۔ نفس اسے نیچے پستی کی طرف کھینچتا ہے۔ رمضان المبارک کے دوران روزوں کی وجہ سے حیوانی طبیعت کمزور پڑ جاتی ہے۔ دوسری طرف عبادت میں اضافہ سے روح کی قوت بڑھ جاتی ہے، جس سے اس کی طرف سے کشش میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ مزید بر ہر نیک عمل کا اثر جو پہلے ہی دس گنا ہے سات سو گنا تک ہوتا ہے، کئی گنا اور بڑھا دیا جاتا ہے نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اس ماہ کے دوران تھوڑی سی کوشش سے قرب الٰہی کی نعمت حاصل ہو جاتی ہے۔

سوز و گداز زندگی لذت جستجوئے تو
راہ چو مار می گزد گر نہ روم بسوئے تو

(ترجمہ) زندگی کا سوز و گداز آپ کی جستجو کی لذت میں ہے۔ اگر آپ کی طرف نہ چلوں تو راستہ سانپ کی طرح کاٹتا ہے۔

دنیا کی کوئی لذت، قرب الٰہی کی لذت کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ کائنات کے خالق و مالک اور فرمانروائے مطلق کے قرب سے زیادہ کوئی عزت افزائی نہیں۔ نہ کوئی حاجت رہ جاتی ہے نہ دکھ درد۔ نہ فکر و غم۔ رمضان المبارک ایک بار پھر جلوے دکھا کر چلا گیا ہے۔ کیوں نہ اس سے پورا فائدہ اٹھایا جائے۔

هو سمّٰكم المسلمين

اس نے (اللہ تعالیٰ نے) تمہیں مسلمان کا نام دیا ہے (قرآن)

تفرقے میں ڈال کر الجھا دیا اسلام میں
کیا بُرائی تم نے دیکھی مسلمین کے نام میں
فرقہ واریت کے پرچار کی تاکید ہے فرما
اس کی گنجائش کہیں پاتی ہے کیا اسلام میں

جس معنیٔ پیچیدہ کی تصدیق کرے دل
قیمت میں بہت بڑھ کے ہے تابندہ گہر سے
یا مردہ ہے یا نزع کی حالت میں گرفتار
جو فلسفہ لکھا نہ گیا خونِ جگر سے!

(ضرب کلیم)



جہاں تک دو قوموں کے نظریے کا تعلق ہے یہ کوئی نیا نظریہ نہیں بلکہ ایک حقیقت ہے۔ اس حقیقت کی تصدیق حکومت ہندوستان کے اس اقدام سے بھی ہوتی ہے کہ اس نے پاکستان سے ہندوؤں کو نکالنے کی کوشش کی ہے۔ کچھ اور واقعات و حالات بھی ایسے جو اس حقیقت کی تصدیق کرتے ہیں۔ کہ بھارت کی حکومت ایک ہندو مملکت ہے۔

غیر ملکی نامہ نگار سے انٹرویو ۔ ۲۵ اکتوبر ۱۹۴۷ء

تمام مشکلات اور غیر ملکی دباؤ کے باوجود ہم اپنے پُرامن ایٹمی پروگرام کو بروئے کار لائیں گے

اسلامی ممالک بالآخر

اسلام کی انتہائی ترقی یافتہ

تہذیب کی طرف

ایرانی انقلاب نے اسلامی ممالک پر مثبت اثرات مرتب کیے ہیں

تہران ۔۔۔۔ (پارس) سوڈان کے ایک وفد نے نائب صدر حسن زرابی کی قیادت میں گزشتہ روز آیت اللہ خمینی سے ملاقات کی ...

قوم کی عزت نفس کا سودا کر کے قیمتیں کم نہیں کی جا سکتیں: صدر ضیاء الحق

ہم روکھی سوکھی کھا لیں گے مگر قومی مفاد پر آنچ نہیں آنے دیں گے: قوم سے خطاب

ایک خاندان کا المیہ جس کے ۲ نوجوان لقمۂ اجل بن گئے

آوازیں کم ہی آتی ہیں۔ وہ اللہ کی رضا پر راضی ہیں۔ ان کے باقی دونوں بیٹے کینیڈا میں ہیں۔ ...

خوش قسمت بچی تنویر

Muslim Loses Life To Save Girl

MISSISSAUGA — Brother Jalaluddin, a 24-year old Muslim drowned in the Credit River on Saturday June 2, 1979 while trying to save a five-year old girl who had fallen into the river.

Brother Jalaluddin jumped into the river when 5-year-old Tanweer Gilani fell in the river and was being pulled in by the current. The girl was saved but Brother Jalaluddin's foot got caught at the bottom and before help could arrive he was dead.

He was only recently married and his young bride had not even joined him in Canada yet.

Namaz-e-Janaza was held at the Jami Mosque on Monday June 4, 1979. □

Crescent-June 15, 1979

یہ دنیا اللہ تعالیٰ کے نیک اور برگزیدہ بندوں سے خالی نہیں

ہمارے دورے سے پاکستان اور چین میں "قلبی" رابطہ قائم ہو گیا ہے: حاجی الیاس

چین کے عوام پاکستانی عوام کو قابل اعتماد اور دیرینہ دوست سمجھتے ہیں ۔ کراچی میں گفتگو

عوام نئے ٹیکسوں کا بوجھ برداشت نہیں کر سکتے: مزاری

ملکی سلامتی اور خوشحالی کے لیے جمہوری اداروں کی بحالی ضروری ہے

بلدیاتی انتخابات ہوں یا نہ ہوں عام انتخابات اسی سال ہوں گے: صدر ضیاء

صوفی غلام مصطفےٰ

تاشقند کی لمبی کہانی جلد سناؤں گا

عزیز احمد کے الطاف گوہر کا جواب

لندن ۔۔۔ (اسپیشل) "معروف قرطاس ادب" کے

صوفی غلام مصطفےٰ کے چہرے کا آخری دیدار

صوفی غلام مصطفےٰ کی میت جیل سے باہر لائی جا رہی ہے

غلام مصطفےٰ پھانسی پانے سے پہلے نماز ادا کرکے درود و سلام میں مصروف تھے

پھانسی کے تختے پر خود ہی کھڑے ہو گئے۔ آخر وقت تک مطمئن تھے

راولپنڈی ۲۵ جولائی (نمائندہ خصوصی) نواب محمد احمد خاں قتل کیس کے مجرم صوفی غلام مصطفےٰ کو آج صبح سویرے جب پھانسی دی گئی تو وہ مطمئن تھے اور انہوں نے کلمہ طیبہ پڑھتے ہوئے جان، جان آفریں کے سپرد کی ...

اہل خانہ اپنے ساتھ لائے تھے۔ پانچ بج کر ... جیل کا دروازہ کھلا اور میت ورثا کے سپرد کر دی گئی۔

صوفی غلام مصطفےٰ کی میت کو وصول کرنے ...

پھانسی پانے والوں کا وزن

میاں عباس نے آخر وقت میں کلمہ طیبہ اور کلمہ شہادت پڑھا

تارا مسیح کے بیٹے نے پھانسی دی، پھندا وہی تھا جو بھٹو کے گلے میں ڈالا گیا تھا

راولپنڈی ۲۵ جولائی (نمائندہ خصوصی) نواب محمد احمد قتل کیس کے ایک مجرم میاں محمد عباس کو آج صبح سویرے پھانسی دے دی گئی۔ میاں محمد عباس کے گلے میں وہی پھندا ڈالا گیا جس کے ذریعے ۴ اپریل کو ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی دی گئی تھی۔ پھانسی جلاد تارا مسیح کے بیٹے صادق مسیح نے دی۔ میاں محمد عباس نے کلمہ طیبہ اور کلمہ شہادت پڑھ کر موت کو گلے لگا لیا۔

میاں عباس کے عزیز ان کی لاش جیل سے باہر لا رہے ہیں

... نے ان کی تحریر کردہ وصیت پڑھ کر سنائی۔ میاں محمد عباس نے اپنی تحریر میں بعض وضاحتیں درج کی تھیں۔ پھر ڈپٹی مجسٹریٹ نے ان کی تصدیق کی۔ اس کے بعد میاں عباس خود چل کر پھانسی کے چبوترے تک پہنچے۔ جب انہیں جلاد نے کالی ٹوپی پہنائی تو انہوں نے کلمہ طیبہ پڑھا۔ پھر انہوں نے جلاد سے پوچھا کہ پاؤں کہاں رکھنے ہیں۔ جلاد نے جگہ درست کی۔ اس کے بعد انہیں پھانسی دی گئی اور وہ کلمہ کا ورد کرتے ہوئے خالق حقیقی سے جا ملے۔

میاں محمد عباس نے اپنی وصیت میں ملتان اور وزیر آباد کی زمینوں کی تقسیم، بینک اکاؤنٹ کی تقسیم اور پنشن وغیرہ کے بارے میں تحریر کیا ہے۔ جبکہ صوفی غلام مصطفےٰ نے ...

یحییٰ، بھٹو اور مجیب کا خاک تین بڑے مجرم ہیں

منگورہ ۲۸ جولائی (پی پی آئی) قومی اتحاد کے سربراہ مولانا مفتی محمود نے حکومت پر زور دیا ہے کہ وہ مثبت یا منفی نتائج ...

نواب محمد احمد خاں مرحوم

بعض ممالک میں سفارتخانے اور مشن بند کر دیے جائیں گے: غیر ملکی دوروں کی تعداد کم کی جائیگی

سرکاری مقاصد کیلئے ۱۶۰۰ سی سی سے بڑی کاریں درآمد نہیں کی جائیں گی

افسر سادگی اپنائیں، عوام شادی بیاہ پر کم خرچ کریں، عوام چائے، گھی اور چینی کم خرچ کریں

سستے داموں اشیا سپلائی کرنے کے لیے ہر جگہ کوآپریٹو سٹور کھولے جائیں گے

اسلام آباد ۲۸ جولائی (ریڈیو رپورٹ) ریڈیو اور ٹیلیویژن پر قوم سے خطاب کرتے ہوئے صدر مملکت نے اعلان کیا کہ پاکستان ان ممالک میں اپنے سفارت خانے اور مشن بند کر دے گا جن ممالک کے پاکستان میں سفارت خانے یا مشن قائم نہیں ہیں ...

وسیم باری سال کا بہترین کھلاڑی

کراچی ۲۸ جولائی (پی پی آئی) پاکستان کی ایک ماہنامہ اسپورٹس رسالے "کھیل کی دنیا" نے پاکستان کرکٹ ٹیم کے وکٹ کیپر وسیم باری کو سال کا بہترین اسپورٹس مین قرار دیا ہے۔ ...

"اس سادگی پہ کون نہ ..."

قومی یکجہتی، نظریہ پاکستان اور پاکستانی قومیت کو فروغ دیا جائے گا: وزیر اطلاعات جنرل شاہد حامد

کراچی ۲۸ جولائی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات میجر جنرل (ریٹائرڈ) شاہد حامد نے کہا ہے کہ حکومت قومی یکجہتی، نظریہ پاکستان اور پاکستانی قومیت کو فروغ دے گی۔ وہ آج یہاں ایک مقامی ہوٹل میں پاکستان ... کی تقریب تقسیم انعامات سے خطاب کر رہے تھے۔ ...

Luncheon Special Between 12 - 2:30 P.M.

لذیذ کھانوں کے لیئے لالہ زار تشریف لائیے
گوشت حلال اور سروس بہترین!

LALAZAR RESTAURANT
429 A Donlands Avenue
Tel 421-1770 (near Donlands Cinema)
We cater for private Parties

ارشد اقبال کو کوٹ لکھپت جیل میں جلاد تارا مسیح نے پھانسی دی

ارشد اقبال خود چل کر پھانسی کے تختے پر پہنچا اور اس نے پورے حوصلے سے موت قبول کر لی۔ اس نے اپنی جائیداد بہنوں بھائی کو دینے کی وصیت کی اچھرہ کے قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا

مقدمے کے بارے میں ارشد اقبال کی بعض باتیں جلد منظر عام پر لائی جائیں گی: لواحقین

لاہور (نمائندہ جرات) ... [illegible]





ارشد اقبال کی نعش کو کوٹ لکھپت جیل سے باہر ایمبولینس میں رکھا جا رہا ہے

ارشد اقبال کے پھانسی پانے کے بعد مجسٹریٹ مسٹر عبدالمطلب خان اور دوسرے حکام جیل سے باہر آ رہے ہیں۔

تاشتہ نوش نہ کرنے دیتا۔ ارشد اقبال سے آخری ملاقات میں قتل کیس سے متعلق چند باتیں بتائی تھیں جو عنقریب منظر عام پر لائی جائیں گی۔ ارشد اقبال کے چچا چوہدری اسلم ... رانا افتخار کے ... اور کل رات راولپنڈی میں ... رحم کی اپیل کے سلسلے میں کی گئی آخری کوششیں بھی ناکام ہو گئیں۔ معلوم ہوا ہے کہ کل رات گیارہ بجے راولپنڈی میں مجرموں کے لواحقین نے صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق سے فون پر رابطہ قائم کیا لیکن جنرل صاحب نے جواب دیا کہ انہوں نے جو کچھ فیصلہ کیا ہے وہ درست اور قوم کے مفاد میں ہے اس میں تبدیلی ممکن نہیں چنانچہ مجرموں کے قریبی رشتہ داروں نے درخواست کی کہ چونکہ ہم یہاں آخری کوشش کے سلسلے میں یہاں موجود ہیں اور چار کلے اپنے عزیزوں سے آخری ملاقات ممکن نہیں اس لئے ... مہلت دی جائے تاکہ ہم واپس جا کر ان سے مل سکیں لیکن پھانسی میں تاخیر کی اجازت نہیں مل سکی۔ اس طرح ارشد اقبال کے بھائی چوہدری اسلم اور رانا افتخار کے والد پھانسی سے قبل آخری ملاقات نہ کر سکے۔

باوثوق ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ کل رات امیر جماعت اسلامی میاں طفیل محمد اور مسلم لیگی لیڈر چوہدری ظہور الٰہی نے بھی فون پر صدر پاکستان سے ارشد اقبال کی جان بخشی کے لئے اپیلیں کی تھیں جو کارگر ثابت نہ ہو سکیں۔ دریں اثنا ارشد اقبال کے وکیل بھی ... ان سے اخبار نویسوں اور ارشد اقبال کے لواحقین کا کوئی رابطہ قائم نہیں ہو سکا۔

کوٹ لکھپت جیل

نواب محمد احمد خاں کے مقدمہ قتل کے ایک مجرم ارشد اقبال کو آج صبح ساڑھے چار بجے پھانسی دے دی گئی۔ ارشد اقبال کے گلے میں پھندا سیکڑوں مجرموں کو تختہ دار پر کھینچنے والے جلاد تارا مسیح نے ڈالا۔ اسی کو جیل حکام نے کل رات طلب کیا تھا۔

وصیت

ارشد اقبال نے پھانسی چڑھنے سے قبل جو وصیت کی ہے اس میں اس نے کہا ہے کہ میری تمام جائیداد کو فروخت کر کے ... [illegible]

[illegible]

ارشد اقبال کی نعش پر اس کی والدہ اور دوسری خواتین نوحہ کناں ہیں۔

موجودہ جیب کر فیصل آباد جیل کے حکام نے ارشد اقبال کو پھانسی دینے کے لئے جلاد کا الگ بندوبست کیا ہے۔

نواب محمد احمد خاں قتل کیس کے مختصر واقعات یہ ہیں: ۱۱ نومبر ۱۹۷۴ء کو لاہور میں احمد رضا قصوری پر قاتلانہ حملہ ... [illegible]

پھانسی ... [illegible]

[illegible]

محمود الرحمٰن کمیشن نے یحییٰ خاں اور جنرل نیازی پر مقدمہ چلانے کی سفارش کی تھی

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) پاکستان کے سابق چیف جسٹس مسٹر حمود الرحمٰن نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ سقوط ڈھاکہ کے واقعہ کی چھان بین کرنے والے حمود الرحمٰن کمیشن کی رپورٹ میں سابق صدر یحییٰ خاں اور لیفٹیننٹ جنرل اے کے نیازی پر مقدمہ چلانے کی سفارش کی گئی تھی آج شام ایک تقریب میں نامہ نگاروں سے غیر رسمی بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو نے بھی یہی کہا تھا کہ وہ ان دونوں پر مقدمہ چلائیں گے۔

کیپٹل ٹریول اینڈ کیپٹل ٹریڈرز

IATA

صرف ۹۱۸ ڈالر میں حج۔ کراچی اور ٹورانٹو واپسی

ٹی وی، وی سی آر اور کار وغیرہ کے مفت کتابچے کیلئے فون کیجئے

FOR FURTHER INFORMATION CALL YOUR NEAREST OFFICE

Toronto: (416)465-5411

Windsor: (519)256-0654

DETROIT: 963-3626

744 Broadview Avenue

Toronto M4K 2P1

Tel. 465-5411 465-5412

اسلام آباد کے ہوائی اڈے پر سیکیورٹی فورس اور پی آئی اے کے ملازمین میں تصادم

اندرون ملک اور بین الاقوامی پروازیں پانچ گھنٹے کے لیے معطل رہیں

سیکیورٹی فورس نے اندھا دھند فائرنگ اور پی آئی اے کے ملازمین نے پتھراؤ کیا

تحقیقات کا حکم دے دیا گیا : ہوائی اڈہ پولیس کے سپرد کر دیا گیا

راولپنڈی ـــــ (اپنے نامہ نگار سے) اسلام آباد کے انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر آج شام ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس کے مسلح دستوں نے اندھا دھند فائرنگ کر دی۔ پی آئی اے کے کارکنوں اور سیکیورٹی فورس کے عملے کے درمیان شدید پتھراؤ بھی ہوا۔ ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس نے ایک سو سے زیادہ گولیاں چلائیں۔ شدید پتھراؤ سے پی آئی اے کے پانچ کارکنوں کو شدید زخم آئے جن میں سے چھ کی حالت نازک ہے۔ متعدد گاڑیوں کو نقصان پہنچایا گیا۔ پی آئی اے کے لاکھوں روپے کا مالی نقصان ہوا۔ اندرون ملک اور بین الاقوامی پروازیں پانچ گھنٹے تک معطل رہیں۔ ایئرپورٹ پولیس کے حوالے کر دیا گیا اور ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس فوری طور پر بارکوں میں بھیج دی گئی ہے۔

لاؤنج کے بالمقابل پارک میں اکٹھے ہو گئے اور ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس کے خلاف نعرے لگانے شروع کیے یہاں سیاسی کے رہنماؤں نے تقاریر شروع کر دیں کہ اچانک انٹرنیشنل لاؤنج کی طرف سے ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس کے مسلح افراد بھاری تعداد ...

...

کو فوری طور پر بیرکوں میں بھیج دیا جائے اور ایئرپورٹ پر حفاظتی کام پولیس کے حوالے کر دیا جائے۔

پورا افغانستان جنگ کی لپیٹ میں ہے، مجاہدین نے بے شمار سرکاری اسلحہ پر قبضہ کر لیا ہے

صوبہ ہرات، کابل اور غزنی میں خونریز جنگ جاری ہے

غیر ملکی افغانستان کے کسی حصے میں سفر نہ کریں۔ برطانوی سفارت خانے کی ہدایت

کابل ـــــ (ریڈیو رپورٹ) برطانوی سفارت خانے کی طرف سے افغانستان میں مقیم تمام برطانوی باشندوں سے کہا گیا ہے کہ وہ ملک کے کسی بھی حصے میں بالخصوص افغانستان کے مغرب، جنوب اور مشرق میں واقع صوبوں میں سفر نہ کریں۔ سفارت خانے نے تمام غیر ملکیوں کو بھی یہی مشورہ دیا ہے۔ اس بیان کے مطابق افغانستان کے بیشتر علاقوں میں جنگ جاری ہے، اس لیے ایسی حالت میں سفر کرنا خالی از خطرہ نہیں ہو سکتا۔

برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی نے اطلاع دی ہے کہ افغانستان کی جو بڑی سڑکیں پاکستان اور ایران کو جاتی ہیں اس وقت میدان جنگ بنی ہوئی ہیں اور وہاں خونریز جنگ جاری ہے۔ ہرات کا علاقہ خاص طور پر میدان جنگ بنا ہوا ہے۔ اس علاقے میں مسلمان حریت پسندوں کی سرگرمیاں بہت بڑھ گئی ہیں۔ کابل اور غزنی کے صوبوں میں گزشتہ کئی ہفتوں سے جنگ جاری ہے۔ ان صوبوں میں حریت پسندوں نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے افغان فوج کے سینکڑوں افراد کو قتل کر دیا یا انہیں گرفتار کر لیا ہے۔ ان مجاہدین نے یہ دعویٰ بھی کیا ہے کہ انہوں نے سرکاری فوج کے بہت سے اسلحے پر قبضہ کر لیا ہے۔ ... اگرچہ ان دعوؤں کی تصدیق نہیں ہو سکی لیکن یہ بات واضح ہے کہ اس وقت پورا افغانستان جنگ کی لپیٹ میں ہے۔

عوام نکات

- وفاقی بجٹ ۸۰-۱۹۷۹ء میں تیل اور عام کی ... ڈیوٹیاں واپس لے لی گئی ہیں۔
- قدرتی گیس کے نرخوں میں جو اضافہ کیا گیا تھا اس کا اطلاق اب گھریلو صارفین پر نہیں ہو گا۔
- خاندان کا ایک مکان جس میں اہل خاندان خود رہائش پذیر ہیں دولت ٹیکس سے مستثنیٰ ہو گا۔
- وہ سرکاری ملازمین جو چند سو روپے ماہانہ سے کم تنخواہ لے رہے ہیں انہیں یکم اگست ۱۹۷۹ء سے ۳۰ روپے ماہوار عبوری الاؤنس دیا جائے گا۔
- ...
- رمضان المبارک کے تقدس کو سختی سے ملحوظ رکھا جائے۔
- تاجروں کو رمضان المبارک اور اس کے بعد منافع خوری سے اجتناب کرنا چاہیے۔
- زرعی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے، صنعتی پیداوار میں بھی اضافہ ہونا چاہیے۔

مسئلہ کشمیر کے حل سے پہلے ملک کے دفاعی اخراجات میں کمی مستحسن نہیں ہو گی

قومی اتحاد عوام کی حمایت سے محروم ہو چکا ہے : اصغر خان

کراچی ـــــ ... تحریک استقلال کے سربراہ ایئر مارشل (ریٹائرڈ) اصغر خان نے ...

Please Visit For

Halal Meat & Spices

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی

پہلی دوکان

AFRO ASIAN

918 PAPE AVENUE
TORONTO

PHONE: 463-1287

پیپلز پارٹی کی مرکزی عاملہ نے ۶ لیڈروں کو پارٹی سے نکال دیا

علاؤ الدین عباسی سندھ کے اور احترام الحق تھانوی کراچی کے نئے صدر مقرر کر دیے گئے

سردار حنیف کے تقرر پر مخالفت۔ فاروق لغاری آج فیصلوں کا اعلان کریں گے

کراچی ـــــ ... پیپلز پارٹی کی مرکزی مجلس عاملہ نے ... دوران پیپلز پارٹی کے آٹھ رہنماؤں کو پارٹی سے خارج کر دیا۔ ...

اسلامی ممالک بھارتی مسلمانوں کی صورتحال پر توجہ دیں : سالم عزام

مؤثر اقدامات کی ضرورت ہے، بھارتی مسلمان مسلسل مظالم کا نشانہ بنے ہوئے ہیں

لندن ـــــ (پی پی آئی) مسلم اقلیتوں کے بین الاقوامی کمیشن کے چیئرمین جناب سالم عزام نے بھارت میں مسلمانوں کے مسلسل قتل عام پر ... انہوں نے کہا کہ اسلامی حکومتوں کا فرض ہے کہ وہ اس صورت حال پر ... بھارت کے مسلمانوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کریں۔ ...

کالاباغ کے معاملات کی عدالتی تحقیقات

لاہور ـــــ (پ پ ا) حکومت پنجاب نے کالاباغ کے نوابزادگان اور ... کے درمیان جاری تنازعہ کی عدالتی تحقیقات کرنے کے لیے مسٹر خالد پال خواجہ ڈسٹرکٹ و سیشن جج راولپنڈی کو انکوائری افسر مقرر کیا ہے۔ ان عدالتی تحقیقات کا حکم گورنر پنجاب نے دیا ہے۔

انتخابات مقررہ وقت پر ہونے چاہئیں، متناسب انتخابات کی تجویز پر ملا جلا ردعمل

متناسب نمائندگی کا نظام بالواسطہ طریق انتخاب کی طرف ایک قدم ہے: پیر پگاڑو

صدارتی تجویز کے تحت انتخابی حلقوں کا تعین کوئی آسان بات نہیں ہے: نوابزادہ نصر اللہ خاں

متناسب نمائندگی کا مسئلہ منتخب نمائندوں پر چھوڑ دیا جائے: شیخ رفیق احمد

رپورٹ: سجاد کرمانی، انور قریشی

لاہور ۔۔۔۔ متناسب نمائندگی کے انتخابی نظام کے بارے میں صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے جو تجویز پیش کی ہے اس پر سیاسی رہنماؤں اور ماہرین دستور نے ملے جلے ردعمل کا اظہار کیا ہے، جن حلقوں نے اس طریق انتخاب کی حمایت کی ہے ان کا بھی ...

... میاں طفیل محمد نے کہا کہ متناسب نمائندگی کا اصول نافذ کرنے کے لئے کسی آئینی ترمیم کی ضرورت نہیں کیونکہ آئین میں تو صرف براہ راست انتخابات اور ایک فرد ایک ووٹ کا اصول طے کیا جاتا ہے۔

سکہ کی قیمت میں کمی کیلئے پاکستان پر عالمی بنک کا سخت دباؤ

وفد اسلام آباد میں مصروف مذاکرات ہے، پاکستان کی معیشت کو ترکی کی طرح تباہ کرنے کی سازش

راولپنڈی ۔۔۔۔ (مختار حسن، نمائندہ جسارت) باخبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ عالمی بنک کا وفد ان دنوں پاکستان آیا ہوا ہے وہ حکومت پاکستان پر دباؤ ڈال رہا ہے کہ پاکستان اپنے سکے کی قیمت میں کمی کرے ...

عالمی بینک کی بین الاقوامی ترقیاتی ایسوسی ایشن نے اس مقصد کے لئے ایک کروڑ ڈالر کی امداد دینے کی منظوری دی ہے ...

اداکارہ سنگیتا نے شادی کر لی

لاہور ۔۔۔۔ معروف فلمی اداکارہ سنگیتا نے آج ایک نئے اداکار ہمایوں قریشی سے شادی کر لی ہے۔ ان کی شادی کی تقریب مدینہ (سوات) میں ہوئی جس میں دیگر افراد کے علاوہ سنگیتا کی والدہ مہتاب بانو نے بھی شرکت کی۔ بتایا جاتا ہے کہ شادی سے قبل سنگیتا اور ہمایوں قریشی کے درمیان کافی عرصہ سے معاشقہ چلا آرہا تھا۔ شادی سے دو روز قبل دونوں فلم "سوہنی صورت" کی شوٹنگ پر سوات گئے تھے کہ اچانک شادی کے بندھن میں بندھ گئے۔

کوئٹہ ۔۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) باخبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ چاروں صوبائی گورنروں کو عنقریب تبدیل کر دیا جائے گا۔ ان ذرائع کے مطابق ... ان ذرائع نے انکشاف کیا ہے کہ موجودہ وفاقی وزیر مواصلات ... بلوچستان کے گورنر ہوں گے۔

امریکہ نے اسرائیل کو جدید ترین راڈار ٹینک شکن ہیلی کاپٹر اور طیارہ شکن میزائل مہیا کردیے

صدر جنرل محمد ضیاء الحق ... کی کونسل کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں



عظیم کھلاڑی

گاما پہلوان

ہم اس مقصد تک ضرور پہنچیں گے

راولپنڈی ۔۔۔۔ (نمائندہ جسارت) سعودی عرب کے وزیر حج و اوقاف جناب عبدالوہاب عبدالواسع نے کہا ہے کہ ... مسلمانوں کے سیاسی اور معاشی اتحاد کا مظہر ہوگا ... ہم مسلمان اس مقصد تک ضرور پہنچ جائیں گے ...

INTRODUCE CRESCENT TO A FRIEND

ہفت روزہ کریسنٹ انٹرنیشنل

ٹورانٹو کنیڈا

اسلامی اقدار و بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان — شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور اکیلا اسلامی اخبار

جلد ۸ | ۸ رمضان ۱۳۹۹ھ | یکم اگست ۱۹۷۹ء | شمارہ ۱۰

مٹی کے تیل اور گھریلو استعمال کی قدرتی گیس پر عائد ٹیکس واپس لے لئے گئے

پندرہ سو روپے تک ماہوار تنخواہ پانے والے سرکاری ملازمین کو مزید ۴۰ روپے ماہوار مہنگائی الاؤنس ملے گا، گریڈ ایک پر ۸۰ روپے، اور گریڈ ۱۹ پر ۱۸۰ روپے اضافہ ملیں گے

وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے ترقیاتی فنڈ میں ۸۰ کروڑ روپے کی کمی کردی گئی

غیر ترقیاتی اخراجات میں ۵۵ کروڑ روپے کی کمی کردی گئی ہے، ہر شعبے میں کفایت کی جائے گی

سرکاری محکموں میں نئی آسامیوں پر تقرری بند کردی گئی، ذاتی مکان پر دولت ٹیکس ختم کردیا گیا

راولپنڈی، ۳۱ جولائی (اے پی پی) صدر مملکت جنرل محمد ضیاء الحق نے آج ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر قوم سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی بجٹ میں بعض ترمیمات کا اعلان کرتے ہوئے مٹی کے تیل پر عائد ٹیکس اور درآمد شدہ خشک دودھ پر عائد ڈیوٹی واپس لینے کا اعلان کیا۔ انہوں نے گھریلو صارفین پر قدرتی گیس پر عائد نئی ڈیوٹی ختم کرنے کا بھی اعلان کیا۔ صدر مملکت نے یہ اعلان بھی کیا کہ جس مکان میں مالک خود رہتا ہو وہ ایک مکان دولت ٹیکس سے مستثنیٰ ہوگا۔ انہوں نے سرکاری ملازمین کے لئے بعض مراعات کا بھی اعلان کیا اور کہا کہ جو سرکاری ملازم ڈیڑھ ہزار روپے تک تنخواہ لیتا ہے یکم اگست ۱۹۷۹ء سے اس کے مہنگائی الاؤنس میں چالیس روپے ماہوار کا اضافہ کردیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ مہنگائی الاؤنس میں اضافے کا جو فارمولا بنایا گیا ہے اس کے تحت سرکاری ملازمین کو ۸۰ روپے سے ۲۲۵ روپے ماہوار تک اضافہ ہو جائے گا۔

صدر مملکت نے کہا کہ محنت کش طبقے کو مراعات دینے پر بھی غور کیا جا رہا ہے انہیں بھی جلد ہی مراعات ملیں گی۔ ان کے بارے میں پے کمیشن اپنی رپورٹ مرتب کر چکا ہے اب یہ وفاقی وزارت کے زیر غور ہے اسے یہ کام جلد مکمل کرنے کے لئے کہا گیا ہے۔ اسی طرح پنشنر حضرات کی حالت بھی توجہ طلب ہے، ان کی پنشن پر نظر ثانی کی جائے گی۔ اس مقصد کے لئے ایک کمیٹی قائم کی جا رہی ہے جو دو ماہ تک اپنی سفارشات پیش کردے گی۔

صدر جنرل ضیاء الحق نے جہاں ٹیکسوں میں کمی کا اعلان کیا وہاں سرکاری اخراجات میں بھی کمی کرنے کا اعلان کیا۔ اور بتایا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے ترقیاتی فنڈ میں ۸۰ کروڑ روپے کی کمی کردی گئی ہے۔ اس طرح غیر ترقیاتی بجٹ میں بھی کمی کردی گئی ہے یہ کمی ۵۵ کروڑ روپے کی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اس کا اثر دفاع پر بھی پڑے گا۔ انہوں نے بتایا کہ غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی کا جائزہ لینے کے لئے ایک وفاقی کمیٹی قائم کی جا رہی ہے اس طرح صوبائی حکومتیں بھی کمیٹیاں قائم کریں گی۔

انہوں نے کہا کہ مزدوروں، محنت کشوں کے مہنگائی الاؤنس میں بھی اضافہ کیا جائے گا۔

سرکاری ملازمین جن کی تنخواہ ڈیڑھ ہزار روپے تک ہے ان کی تنخواہوں میں ۴۰ روپے ماہوار کا اضافہ کیا جاتا ہے یہ اضافی رقم انہیں یکم اگست کو ملنے والی تنخواہ کے ہمراہ ملے گی۔ اس کے علاوہ حال ہی میں کم گریڈ کے ملازمین کے کرایہ مکان اور کنوینس میں جو اضافہ کیا گیا تھا وہ قائم رہے گا اس طرح سرکاری ملازمین کو کم از کم ۸۰ روپے سے ۲۴۵ روپے تک اضافہ مل جائے گا مثال کے طور پر گریڈ نمبر ۱ کے ملازمین کو ۸۰ روپے، گریڈ ۵ پر ۱۰۴ روپے، گریڈ ۱۰ پر ۹۰ روپے اور گریڈ ۱۹ کو ۱۸۰ روپے ملیں گے یہ تمام مفادات مسلح افواج کے ارکان کو بھی ملیں گے۔

صدر مملکت نے کہا کہ اگرچہ ہماری معیشت نے ترقی کی ہے مگر گذشتہ قرضوں کا بوجھ بڑھ رہا ہے اس سال ہمیں ۷۰ کروڑ روپے واپس کرنے ہیں۔ اس کے علاوہ تیل کا مسئلہ بہت اہم ہے اس پر ہماری آمدنی کا بڑا حصہ خرچ ہو جاتا ہے ۱۹۷۳ء میں ۱۲ کروڑ روپے کا تیل درآمد کیا گیا جبکہ ۷۹-۱۹۷۸ء میں ۳ ارب ۱۰ کروڑ روپے کا تیل درآمد کیا گیا اور جس طرح قیمتوں میں اضافہ ہوا اس کے پیش نظر اب ہمیں ۹ ارب ۷۰ کروڑ روپے کا تیل درآمد کرنا پڑے گا۔ اور اس میں مزید اضافے کا امکان بھی موجود ہے۔ اس صورتحال پر قابو پانے کے لئے ہم نے دو راستے اختیار کرنے کا فیصلہ کیا پہلا یہ کہ تیل کی تلاش کے کام کو تیز کیا جائے اور اس مقصد کے لئے اخراجات میں بھی اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ تیل اور پیٹرول کے استعمال میں زیادہ سے زیادہ بچت کی جائے گی۔

کوئٹہ میں ۱۳ طلباء کی گرفتاری

کوئٹہ ۳۰ جولائی (پی پی آئی) بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن سے تعلق رکھنے والے تیرہ طلباء کو جلوس نکالنے اور نقص امن کا خطرہ پیدا کرنے پر مارشل لاء ریگولیشن کی دفعہ سوم کے تحت گرفتار کر لیا گیا ہے۔

فلسطینی مہاجرین — ایک المیہ

صفحہ ۷ پر اداریہ ملاحظہ کیجئے!

بنگلہ دیش کے عوام پاکستانی عوام سے انتہائی محبت کرتے ہیں

مشترکہ اقتصادی کمیشن کے قیام سے ...

لاہور ۹ — (اے پی پی) بنگلہ دیش کی قومی اسمبلی کے اسپیکر اور پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے پارلیمانی وفد کے سربراہ مرزا غلام حفیظ نے کہا ہے کہ بنگلہ دیش اور پاکستان کے عوام کو چاہیے کہ وہ اقتصادی مسائل کے حل اور ملکی فلاح و بہبود کے لیے متحدہ طور پر جدوجہد کریں۔ آج صبح انہوں نے لاہور ہائی کورٹ بار کے ارکان سے خطاب کرتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان دوستانہ روابط کے فروغ پر اظہار اطمینان کیا۔ انہوں نے کہا کہ خاص طور پر تجارت اور ثقافت کے میدان میں دونوں ملکوں کے درمیان اب بھی وسیع تر تعاون کی گنجائش موجود ہے۔ دونوں ممالک کے عوام ایک دوسرے کے ساتھ تاریخی اور ثقافتی رشتوں میں منسلک ہیں۔ انہوں نے نوآبادیاتی اور سامراجی نظام کے خلاف اور انسانی حقوق کے لیے مشترکہ طور پر جدوجہد کی ہے۔ مسٹر مرزا نے کہا کہ بنگلہ دیش کے عوام قومی تعمیر کے کام میں مصروف ہیں اور وہ اپنے اقتصادی حیثیت کی تعمیر کے خواہاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے لیے انہیں دوست ممالک کی طرف سے وقتی طور پر معاونت کی ضرورت ہے اس سلسلے میں ان کا ملک خاص طور پر پاکستان کا شکر گزار ہے کہ اس نے ضرورت کے وقت بنگلہ دیش کو خوراک فراہم کی۔

بنگلہ دیش کے اسپیکر نے کہا ان کے ملک کے عوام کو پاکستانی عوام کے ساتھ انتہائی محبت ہے اور ان کی خواہش ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان برادرانہ تعلقات میں اور گہرائی پیدا ہو۔ انہوں نے اس توقع کا اظہار کیا کہ مشترکہ اقتصادی کمیشن کا قیام اس مقصد کے حصول میں معاون ثابت ہوگا۔ انہوں نے یہ تجویز بھی پیش کی کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان برادرانہ تعلقات کے فروغ اور استحکام کے لئے مختلف مکتبہ ہائے فکر کے افراد پر مشتمل وفود کے زیادہ سے زیادہ تبادلے ہونے چاہئیں۔

اے پی پی کے مطابق بنگلہ دیش کے پارلیمانی وفد کے قائد مسٹر غلام حفیظ نے کہا کہ بنگلہ دیش اور پاکستان کے عوام کی بہبود اور ایک منصفانہ اقتصادی نظام کے قیام کے مشترکہ مقاصد کے حصول کے لیے قدم سے قدم ملا کر آگے بڑھیں گے۔ مسٹر حفیظ نے جو بنگلہ دیش اسمبلی کے اسپیکر ہیں اور پیشے کے لحاظ سے وکیل ہیں، کہا کہ بنگلہ دیش کے ساٹھ ہزار وکلاء نے اپنے پاکستانی برادر وکلاء کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ بنگلہ دیش ایک ملک کے اقتدار اعلیٰ کے باہمی احترام کی بنیاد پر اپنے تمام ہمسایوں کے ساتھ پر امن طور پر رہنا چاہتا ہے۔

Please subscribe to the CRESCENT, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 8 years.

SUBSCRIPTION RATES:

1 Year ... $8.00 (US Air Mail $10.00)
2 Years ... $14.00 (US Air Mail $17.00)
6 Months ... $5.00 (US Air Mail $6.00)
Anywhere else for 1 Year, By Air Mail $14.00

Crescent

کریسنٹ انٹرنیشنل

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: [416] 493-4374

Name ....

Address ....

....

Postal Code ....

Telephone No. ....

PLEASE MAKE CHEQUES PAYABLE TO "CRESCENT"

میاں عباس اور غلام مصطفےٰ کو راولپنڈی، ارشد اقبال کو لاہور اور رانا افتخار کو فیصل آباد میں پھانسی دی گئی

پھانسی دینے سے قبل مجرموں کا طبی معائنہ کیا گیا اور انہیں موت کے وارنٹ کی عبارت پڑھ کر سنائی گئی

لاہور ۲۵ جولائی (نمائندہ خصوصی) نواب محمد احمد خاں کے مقدمہ قتل کے باقی چار مجرموں میاں محمد عباس، رانا افتخار احمد، ارشد اقبال اور صوفی غلام مصطفےٰ کو آج صبح چار بجے پنجاب کی مختلف جیلوں میں پھانسی دے دی گئی۔ میاں محمد عباس اور صوفی غلام مصطفےٰ کو راولپنڈی ڈسٹرکٹ جیل، رانا افتخار احمد کو فیصل آباد ڈسٹرکٹ جیل اور ارشد اقبال کو کوٹ لکھپت ڈسٹرکٹ جیل میں پھانسی پر چڑھا دیا گیا۔ ان سے قبل چاروں مجرموں کی رحم کی اپیلیں مسترد کر دی گئی تھیں اور کل ۲۴ جولائی کو ان کے عزیزوں، دوستوں اور رشتہ داروں نے ان سے آخری ملاقاتیں کر لی تھیں۔ لاہور کی کوٹ لکھپت جیل میں آج علی الصبح چار اور ساڑھے چار بجے کے درمیان ارشد اقبال کو تختہ دار پر لٹکا دیا گیا۔ پھانسی کے تختے تک لے جانے سے پہلے جیل حکام اس کی کوٹھڑی میں آئے سپرنٹنڈنٹ جیل نے اسے موت کے وارنٹ کی عبارت پڑھ کر سنائی۔ ڈاکٹر نے اس کا طبی معائنہ کیا اس کے بعد اسے کوٹھڑی سے نکالا گیا اس کے ہاتھ پشت پر باندھ دیے گئے اور جیل کے چھ وارڈر اسے تختہ دار کی طرف لے کر چلے۔ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل کی نگرانی میں اسے پھانسی گھاٹ تک لے جایا گیا۔ ڈاکٹر اور مجسٹریٹ بھی ساتھ تھے۔ اس سے پہلے مجسٹریٹ نے اس کے وصیت نامے کی تصدیق کی۔ جب وہ چبوترے تک پہنچے تو مجسٹریٹ نے اس امر کی تصدیق کی کہ پھانسی پانے والا مجرم یہی ہے اس کے بعد اسے جیل کے پیشہ ور جلاد کے حوالے کر دیا گیا جس نے اسے پھانسی کے چبوترے تک پہنچایا۔

جلاد نے پہلے اس کی ٹانگوں کو ایک ڈوری سے باندھا پھر اس کے چہرے پر سیاہ نقاب چڑھا دیا گیا۔ اس کے بعد ایک اینچ موٹی رسہ اس کی گردن کے گرد مضبوطی سے کس دی گئی۔ یہ تمام عمل مکمل ہونے کے بعد سپرنٹنڈنٹ جیل نے جلاد کو اشارہ کیا جس نے کھٹکا کھینچ دیا اور اس کا جسم نیچے لٹک گیا۔ نصف گھنٹہ لٹکے رہنے کے بعد ڈاکٹر نے جان نکل جانے کی تصدیق کی اور پھر مردہ جسم کو پھندے سے نکال لیا گیا۔ صبح پانچ بجے کے قریب ارشد اقبال کا جسد خاکی جیل سے باہر لاکر اس کے لواحقین کے حوالے کر دیا گیا۔

راولپنڈی سے ہمارے نمائندہ خصوصی کے مطابق ۲۳ جولائی کو لاہور ہائیکورٹ کی طرف سے میاں محمد عباس اور غلام مصطفےٰ خان کے بلیک وارنٹ رحمت کا پروانہ ڈسٹرکٹ جیل راولپنڈی کے حکام کو موصول ہو گیا تھا۔ اس روز دو بجے صوفی غلام مصطفےٰ خان کے اہل خانہ اور رشتہ داروں کو موقع دیا گیا۔ اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ جیل مسٹر محمد قریشی پہنچا کر آئے جب کہ اس روز میاں محمد عباس کے رشتہ داروں کو بھی آخری ملاقات کے لئے اطلاع دی گئی۔ آخری ملاقاتیں آج دوپہر کے بعد کرائی گئیں جو کہ دو سے اڑھائی گھنٹے تک جاری رہیں۔ میاں محمد عباس کے اہل خانہ جن کی تعداد ۳۰ کے لگ بھگ تھی نے ۵ بجے تک آخری ملاقات کی۔ جیل حکام نے آج صبح چھ بجے صوفی غلام مصطفےٰ اور میاں محمد عباس کو اطلاع دی کہ ان کی رحم کی اپیلیں مسترد ہو چکی ہیں کل انہیں پھانسی دی جائے گی۔ یہ سن کر دونوں ششدر رہ گئے لیکن کچھ دیر بعد ان کی حالت معمول پر آ گئی۔ میاں محمد عباس جو دل کے مریض ہیں آج ادویات کا زیادہ استعمال کیا۔ جیل کے حکام نے دوپہر کے وقت ان دونوں سے بلیک وارنٹ پر دستخط کرائے۔ میاں محمد عباس نے طویل وصیت خود تحریر کرکے جیل حکام کے حوالے کی جب کہ صوفی غلام مصطفےٰ نے تحریری وصیت دستخط کی ہے۔ میاں محمد عباس نے اپنی وصیت میں بہت سے گھریلو مسائل حل کئے ہیں۔ انہوں نے بنک میں جمع شدہ رقم اور دوسری رقوم کو بھی اپنی اولاد میں تقسیم کیا ہے اور زمینوں کی تقسیم کا ذکر بھی کیا ہے انہوں نے اپنی پنشن کا وارث اپنی اہلیہ کو قرار دیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیٹوں، بیٹیوں، نواسوں اور پوتوں وغیرہ کو بھی زندگی کے مختلف معاملات کے سلسلے میں وصیت کی ہے۔ صوفی غلام مصطفےٰ نے زمین کے بارے میں بھی وصیت کی اور اسے اپنے بیٹوں، بھائیوں وغیرہ میں تقسیم کیا ہے۔ انہوں نے چار مرلے زمین قبرستان کے لئے وقف کی ہے۔ جیل حکام نے ان دونوں کی بہتر کلاس کی سہولتیں فوری طور پر واپس لے لی ہیں۔ البتہ میاں محمد عباس کے پاس موجود پلنگ ان کے پاس رہنے دیا گیا۔ ان دونوں کو موجودہ جگہ سے رات کو قریباً دس بجے پھانسی گھر کے بہت قریب کال کوٹھڑیوں میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ میاں محمد عباس اور صوفی غلام مصطفےٰ نے بھی آخری ملاقات کی۔ ان کا تمام سامان ورثاء کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ ان کی کلائی گھڑیاں بھی واپس کر دی گئی ہیں بتایا گیا ہے کہ قرآن مجید اور دیگر مذہبی کتابیں بھی واپس منگوا لی گئی ہیں البتہ جیل حکام نے اپنی طرف سے انہیں قرآن پاک کے نسخے ...

باقی صفحہ آخر پر